وزیر محنت و افرادی قوت: جناب سپیکر، جہاں تک ان کے سوال کا تعلق ہے، جواب کا تعلق ہے، بڑا Clear ہے۔ اگر آپ دیکھیں، انہوں نے یہ کہا ہے کہ اپ لفٹ پروگرام ہے، بالکل ہے، پھر انہوں نے کہا کہ کتنی رقم مختص کی گئی ہے؟ وہ بھی بتایا گیا ہے، کوڈ نمبر 130647 پر موجود ہے، کوډ نمبر ئے غوښتے دے، کوډ نمبر ئے هم ورکړے دے۔ بیا مالی سال 22-2021ء سکیم کے لئے 1263.350 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں، وہ سارا اے ڈی پی بھی اس میں موجود ہے، جو Detail انہوں نے مانگی ہے وہ ساری تفصیل اس میں ہے، یہ بھی مانگا ہے کہ کونسے منصوبے ہیں؟ تو منصوبے بھی دیئے گئے ہیں۔ میرے خیال سے یہ انہوں نے سٹڈی نہیں کی ہے تو سٹڈی کر لیں، اگر سٹڈی کی ہے، اس میں اگر کوئی کوسچن نکالنا چاہتا ہے تو مجھے بتادیں، اگر مجھے نہیں آتا تو میں ڈیپارٹمنٹ سے پوچھ کر جواب دے دیتا ہوں۔ انہوں نے سوال پوچھا ہے، اس کا جواب موجود ہے۔ جناب سپیکر، چونکہ تین چار چیزیں انہوں نے پوچھی ہیں، کوڈ کیا ہے؟ کوڈ بھی دیا ہے، پھر انہوں نے پوچھا ہے کہ کتنی رقم ہے؟ وہ بھی بتائی گئی ہے، کونسے منصوبے ہیں؟ وہ بھی بتائے گئے ہیں۔ مجھے نہیں خیال کہ اگر اس میں کوئی اور چیز رہتی ہے، ہم کہیں کہ اس کو کمیٹی میں بھیج دیں یا کسی اور سے پوچھ لیں، میرے خیال میں اس کا کوئی جواز نہیں بنتا، اگر ان کو کوئی انفارمیشن چاہیئے جو اس میں نہیں ہے تو میں ڈیپارٹمنٹ سے لے لونگا، ان سے ریکویسٹ کرونگا، گھنٹہ دو مجھے دے دیں، میں ان سے منگوالونگا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: خوشدل خان صاحب۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر صاحب، د دې جواب بالکل Irrelevant دے، I am not satisfied from his reply، ما ډیر Clear دا وئیلی دی، تاسو دا اوګورئ چې ہر منصوبے کا پی سی ون، Which is very important, it is a basic document of a development work and scheme. Next one tender پی سی ون جوړ شو، جی ډی سی اوشوه، پی ډبلیو پی اوشوه، ډی ډبلیو پی اوشوه، منظوری راغله، بیا به ټینډر کیږی، ټینډر شته دے، بیا به هغه ورک آرډر ایشو کوی، اوس دا درې واړه Important دی، دا یو سکیم د Completion د پاره او د شفافیت د پاره درې واړه ډیر ضروری دی، پی سی ون به جوړوی چې یره دیکښې د څه پی سی ون دے، هغه کاپی دې سره نشته دے، ما غوښتې ده او د Questions / Answers مقصد دا دے، زمونږه Rules دا وائی، د اسمبلئ Rules دا وائی چې یره ډیپارټمنټ به انفارمیشن ماله راکوی او پکار ده چې ماله کوم انفارمیشن اسمبلئ ته راځی چې هغه صحیح انفارمیشن وی، هغه به Documented وی، زه څه غواړم۔ اوس که دې سره پی سی ون نه وی نو اودې وائی چې پی سی ون نشته دے، که پی سی ون وی نو بیا خو سکیم نه شی جوړیدے که پی سی ون ورسره وی نو ولې اسمبلئ ته کاپی نه راستوئ؟ ما به د شپې کتلې وه، ما به وئیلی وو، زما کوئسچن وو، هغه پی سی ون ټهیک دے، آیا هغه Properly جوړ شوی دی که نه دی جوړ شوی؟ زه ورته وایم چې ټینډر کتل غواړم، آیا دا پراجیکټ تاسو ټینډر کړے دے، تاسو پبلش کړے دے؟ بیا زه ورک آرډر غواړم، آیا په هغې کښې کوم ټهیکیدار تاسو ورکړے دے؟ اوس دا انفارمیشن چې یره تانه ئے هم پټوی، د اسمبلئ نه ئے هم پټوی نو بیا به دا څه کیږی، د کوئسچن څه مقصد دے؟ Provide information to Assembly, اوس دا انفارمیشن ماله نه راکوی او زه دا وایم چې دا دې کمیټئ ته لاړ شی، مطلب دا دے چې ټائم دې بدل کړی، ماله دې راوړی، ماله دې نه راوړی، دا خو د اسمبلئ کوئسچن دے، دا خو د اسمبلئ پراپرټی ده، صرف I have moved it، دا اوس د اسمبلئ پراپرټی ده، اسمبلی ته دې دوئ ورکړی چې یره څومره

منصوبې کوی، پی سی ون دې راؤړی، تاسو ته دې درکړی، ستاسو آفس کښې دې ورکړی، زه به ئے اوګورم، زه به دلته ورک آرډر چې څومره شوی دی دا خو ډیر لوئے Huge amount دے، دا خو اربونه پیسې دی او په پیښور باندې لګی، چې مونږه ته هم پته اولګی چې پیښور کښې کوم کوم ځائې کیږی؟ دړې کالو نه د 2016ء والا روان دے، 2016ء او اوس 2021ء دے، دا خو پینځه کاله اوشو، چې د پینځو کالو مونږته پته اولګی چې دا پی سی ون راغلے دے که نه وی جوړ شوے نو دا ډیر Important Question دے، زما به خواست دا وی چې دا دې یا کمیټۍ ته Refer کړی یا دا دې په دې Date باندې که هغوی راؤنه ړی، شوکت خان دې ورته اووائی چې بهئ بل Next day باندې دے، دا ټول ډاکیومنټس راؤړی چې څومره پی سی ون دوئ جوړ کړی وی، ټینډر ئے مونږ اوګورو، دا زما دغه دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شوکت یوسفزئی صاحب۔

وزیر محنت وافرادی قوت: جناب سپیکر، میرے ساتھ یہ انہوں نے جو مانگا ہے کہ پی سی ون بتایا جائے، مجھے ان سکیموں کی Detail دی جائے۔ میرے خیال سے اس ڈیپارٹمنٹ نے بڑی محنت کی ہے، 135 پراجیکٹس ہیں وہ یہاں Reflect کئے گئے ہیں، 135 پراجیکٹس سے آگے لکھا گیا ہے کہ کس کا ٹینڈر ہو چکا ہے، کونسا منصوبہ Complete ہو چکا ہے، کونسا Seventy percent complete ہے اور کونسا yet to be tendered، کونسا In progress ہے؟ میرے خیال سے یہ جو Detail مانگ رہا ہے، وہ Progress report، 135 منصوبوں کے آگے لکھا ہوا ہے، 135 منصوبے ہیں، Detail already دی گئی ہے، یہ کس سٹیج پر ہے، ایک کے آگے لکھا ہے، Seventy percent complete، دوسرا لکھا ہے Sixty nine percent complete، کچھ اور لکھا ہے، No, yet to be tendered, yet to tendered. جناب سپیکر! میرے خیال سے اتنی زیادہ تفصیل ہے، ہاں میں یہ ضرور کہہ سکتا ہوں کہ اگر ان 135 منصوبوں میں سے کسی منصوبے پر ان کا اعتراض ہے، کوئی پی سی ون Specifically کسی چیز کے لئے ہو، چونکہ آپ کو پتہ ہے کہ ایک پی سی ون کے پورے ایک یا دو سو صفحے ہوتے ہیں، یہ تو 135 منصوبے ہیں، پوری اسمبلی کو دینے کی بجائے آپ کے ساتھ پورا ڈیپارٹمنٹ میں بٹھادوں، کونسا منصوبہ آپ دیکھنا چاہتے ہیں؟ آپ کس کا پی سی ون سٹڈی کرنا چاہتے ہیں، وہ آپ کو دے دیا

جائیگا لیکن جہاں تک یہ کہنا کہ پوری Detail نہیں دی گئی، میرے خیال سے پوری Detail میرے پاس موجود ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شوکت یوسفزئی صاحب، جس طرح خوشدل خان صاحب نے کہا ہے کہ ایک دن بعد یا دو دن بعد جو چیزیں وہ مانگ رہے ہیں وہ ان کو Provide کر دیں، اگر وہ Satisfied نہیں ہو تو پھر اس کو لیتے ہیں، جو چیزیں وہ مانگ رہے ہیں وہ ان کو آپ فراہم کر دیں۔

وزیر محنت وافرادی قوت: کس چیز کی Detail چاہیئے تاکہ ہم دے دیں؟

جناب ڈپٹی سپیکر: وہی میں نے کہہ دیا کہ جو چیزیں وہ مانگ رہے ہیں وہ آپ اس کو Provide کر دیں۔

وزیر محنت وافرادی قوت: بالکل بالکل، دینگے۔

Mr. Deputy Speaker: Thank you.

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: کب تک؟

جناب ڈپٹی سپیکر: شوکت صاحب، کوشش کریں کہ Within a weak

وزیر محنت وافرادی قوت: میرے ساتھ ابھی موجود ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ، آپ Within a weak ان کو سب Provide کر دیں۔

وزیر محنت وافرادی قوت: سر، میرے ساتھ ابھی 135۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جو چیزیں وہ مانگ رہے ہیں، وہ Within a weak ان کو آپ دے دیں۔

وزیر محنت وافرادی قوت: نہیں، میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ پی سی ون کس منصوبے کا مانگنا چاہتے ہیں؟

جناب ڈپٹی سپیکر: وہ آپ کو بتادینگے کہ جو چیزیں وہ مانگ رہے ہیں وہ آپ کو ان کو دے دیں۔

وزیر محنت وافرادی قوت: صحیح شوہ جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچن نمبر 13048، جناب سراج الدین صاحب۔

* 13048 _ جناب سراج الدین: کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ ایک سال کے دوران ضلع باجوڑ میں سڑکوں اور پلوں کی تعمیر کی گئی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ ایک سال کے دوران ضلع باجوڑ میں کون کونسی سڑکوں اور پلوں کی تعمیر کی گئی ہے؛

(ii) مذکورہ سڑکوں اور پلوں کی تعمیر کی تجویز دینے والے قومی وصوبائی اسمبلی کے ممبران کے نام اور جن جن علاقوں میں سڑکیں اور پلیں تعمیر کی گئی ہیں، ان کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب ریاض خان (معاون خصوصی برائے مواصلات و تعمیرات): (الف) جی ہاں۔

(ب) گزشتہ ایک سال کے دوران ضلع باجوڑ میں تعمیر کی گئی سڑکوں اور پلوں کی تفصیل درج ذیل ہے:

| سالانہ ترقیاتی پروگرام نمبر | سکیم کا نام | نشاندہی آف سکیم |
|---|---|---|
| 1876 (2020-21) | دوبارہ مرمت کالج روڈ چوک ٹو ڈمہ ڈولہ دایہ تنگے 10 کلومیٹر۔ دوبارہ مرمت روڈ عنایت کلی بائی پاس 1.9 کلومیٹر۔ | ڈپٹی کمشنر کے وساطت سے۔ |
| 1881 (2020-21) | تعمیر پل ڈمہ ڈولہ خوڑ عنایت کلی بازار ڈمہ ڈولہ روڈ۔ | ڈپٹی کمشنر کے وساطت سے۔ |
| 1841 (2020-21) | تعمیر پل پشت خوڑ 5 کلومیٹر۔ | ڈپٹی کمشنر کے وساطت سے۔ |
| (2020-21) 1842 | تعمیر پختگی طوفان شاہ ٹو ڈمانو روڈ 3 کلومیٹر۔<br>تعمیر پختگی چاؤگٹ ٹو بگندیل 4.8 کلومیٹر۔<br>تعمیر پختگی شریف خانہ ٹو نیاگ بانڈہ وایہ تنگئی اور گڑیگال فواد شہید چوک 8 کلومیٹر۔<br>تعمیر پختگی لنڈئی واڑہ ماموند 2 کلومیٹر۔ | ڈپٹی کمشنر کے وساطت سے۔ |
| (2020-21) 1843 | دوبارہ مرمت روڈ ہاشم چارمنگ 4 کلومیٹر۔<br>دوبارہ مرمت روڈ لرخلوزو ٹو مینہ ماموند 3 کلومیٹر۔<br>دوبارہ مرمت روڈ مین ارنگ روڈ 4 کلومیٹر۔<br>دوبارہ مرمت روڈ عنایت کلی سکاؤٹ ٹو شنکوٹ 3 کلومیٹر۔<br>دوبارہ مرمت روڈ شاگو ٹو لنڈئی 6 کلومیٹر۔<br>دوبارہ مرمت روڈ مینہ ٹو محمز روڈ 2 کلومیٹر۔ | ڈپٹی کمشنر کے وساطت سے۔ |
| (2020-21) 1844 | تعمیر پختگی ماندل ٹو تحت روڈ 3 کلومیٹر۔ | ڈپٹی کمشنر کے وساطت سے۔ |

جناب سراج الدین: شکریه، جناب سپیکر صاحب۔ ما چې کوم کوئسچن کړے وو د هغې تفصیل خو ما ته ملاؤ شوے دے خو په هغې کښې زما دا سوال دے چې په دیکښې ئے لیکلی دی چې کوم دلته روډونه جوړ شوی دی، کوم پلونه جوړ شوی دی، دا با وساطت ډپټی کمشنر جوړ شوی دی، نو آیا که دا د صوبې فنډ وی نو دا Recommendation به ډپټی کمشنر ورکوی که د حلقې ممبر به ئے ورکوی؟

زما یو سوال دا دے۔ منسٹر صاحب، په دیکښې ئے لیکلی دی، با وساطت ډپټی کمشنر، زما په حلقه کښې که ترقیاتی کار نه کوی نو مونږه دا وایو چې کوم کار کیږی او د صوبې د فنډ نه کیږی نو بیا پکار ده چې د هغې افتتاح هم مونږه اوکړو او د هغې Recommendation هم مونږه ورکړو، زما د منسټر صاحب نه دا کوئسچن دے چې آیا دا کار ټهیک دے او که ټهیک نه دے ؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب نثار صاحب، سپلیمنٹری۔

جناب نثار احمد: شکریه، جناب سپیکر صاحب۔ بالکل زمونږه په ایکس فاټا کښې صورتحال هم دغسې روان دے چې کله زمونږه د حلقو کارونه وی نو مونږه ته وئیلی شی دا ډپټی کمشنر صاحب کړی دی، خو دغسې نه وی، دغسې مونږه سره د ایجوکیشن محکمه یا بل چې د هغوی Inauguration وی، زمونږه د حلقې کار وی او هغه Inauguration وی نو هغه زمونږه متعلقه هلته چې کوم ایم این اے صاحب دے ، هغه راولی، مونږه نه په هغه Inauguration کښې ځان سره شریکه وی او نه زمونږه نه هغوی مشاورت اخلی، نه مونږه د هغوی نه خبر یو، بلکه آخره کښې چې مونږه ته پته اولګی بیا هم هغوی پکښې نه مونږه ځان سره شریکوی او نه زمونږ نه مشاورت اخلی، نه مونږه د هغوی نه خبر یو، بلکه اخره کښې مونږه ته پته اولګی هغه د هغوی په Recommendation باندې وی، زه تاسو له ثبوت درکولے شم چې زما د سی بی ایم چې کوم د مهمند ډیم فنډز وو، په هغې کښې چې کوم فنډ راغلے دے ، څلور نیم اربه روپئ زمونږه پکښې شپږ اتیا فیصده د مهمندو حصه ده، هغوی چې څومره سکیمونه ورکړی دی، هغه زما د ایم این اے او د دغه Reserved چې کومه زمونږه خور ده، د عائشه په نوم باندې د هغوی په Recommendations راغلی دی، لهذا د 103 حلقې ممبر زه یم او د هغې نه Elected ممبر یم، د هغه په نوم Recommendation راځی نو چې زما هم راشی، دغه صورتحال روان دے۔ څنګه چې دوئ اووئیل چې زمونږه حلقه کښې کارونه نه کیږی، بالکل نه کیږی خو که کله د هغوی کارونه په دې شکل کیږی چې نوم ورله د هغوی ورکوی او بیا شاته Recommendation او خپله جهنډا یا څه یو مخصوص، هغه زما د حلقې ذمه دار هم نه دی، هغه ئے

لګوی نو لهذا مونږه تاسو نه دا توقع ده چې دا د انصاف حکومت دے ، باید چې تاسو دلته زمونږه سره انصاف اوکړئ، داسې وه، ضروری وه نو بیا پکار دا ده چې الیکشن کمیشن ته مخکښې درخواست کړے وے چې نوری پارټئ دې الیکشن ته نه راځی ځکه چې هغه به تاسو نه قبلوئ نو هغه حلقې Suffer کوئ مه۔

Mr. Deputy Speaker: Concerned Minister, to respond.

جناب میر کلام خان: جناب سپیکر صاحب!۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سپلیمنٹری، میر کلام صاحب کا مائیک آن کریں۔

جناب میر کلام خان: تھینک یو، جناب سپیکر۔ اس کوئسچن کے آخر میں اگر آپ دیکھا جائے تو اس پر میرے بھائیوں نے بات کی، اس میں ایک اور بات بھی ہے، یہاں پر لکھا گیا ہے کہ کس کی مشاورت سے یا کس کی نشاندہی سے کی گئی ہے؟ یہاں پر یہ لکھا گیا ہے کہ ڈپٹی کمشنر کی نشاندہی سے USAID یا دوسرے ایسے نام ہیں، یہاں پر مسئلہ یہ ہے کہ ڈپٹی کمشنر یا USAID کی نشاندہی پر ہمارے ضلعوں میں یا ہمارے علاقوں میں جو کام ہو رہے ہیں، اس سے ایم پی ایز یا وہاں پر Elected نمائندوں کو کوئی اس حوالے سے اعتماد میں نہیں لیتا، ان سے مشاورت نہیں کرتا، یہ کام اس لئے ستر سالوں سے ٹھیک نہیں آ رہا ہے کہ اپنی Interest کی بات ہوتی ہے، اس میں اگر یہ بات منسٹر ریاض صاحب Explain کر دیں کہ یہ USAID نے Directly کس کے ساتھ مشاورت کی ہے یا ڈپٹی کمشنر نے کس کے ساتھ مشاورت کی ہے؟ یہ اتنے روڈ جو Merged districts میں بنائے گئے ہیں یا پل پر کام جاری ہے، وہاں کے لوگ اس سے باخبر نہیں ہیں، اگر اس کو ذرا Explain کر لیں۔ تھینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو جی۔ ریاض خان صاحب۔

جناب ریاض خان (معاون خصوصی برائے مواصلات و تعمیرات): شکریه، جناب سپیکر صاحب۔ زمونږه معزز سراج الدین صاحب چې کوم کوئسچن کړے دے یا د هغې سره سپلیمنټری کوئسچنز چې کوم راغلل، زه به دوئ ته دا لږ Clear کړم، داسې ده چې کله دوئ ته ما مخکښې هم ځو ځل دې هاؤس کښې اووئیل، زه وایم چې یره کله تاسو د یو دغه متعلق تپوس کوئ نو چې د هغې Specific نشاندهی کیږی، د هغې جواب به هم ډیر Clear دغه سره راځی او دوئ ته به په هغې باندې ذهن کښې چې څه ابهام وی یا څه خبره وی یا دوئ ته څه معلومات پکار وی، هغه

به دوئ ته ټهیک ټهاک ملاویږی۔ اوس دوئ چې دا کوم تپوس کړے دے چې یره په باجوړ کښې سړکونه او پلونه چې کوم د تعمیر متعلق وو، دیکښې الیکشن چې کله د Merged areas زمونږه د Settled نه وروستو شوے وو، هغه ټائم کښې هلته کښې زمونږه چې کوم، دا دلته کښې اوس زمونږه معزز ممبران صاحبان ناست دی د Merged areas، دوئ هغه ټائم کښې نه وو، زه دوئ ته د یو یو سکیم چې کوم دلته کښې دا Detail لګیدلے دے، دوئ ته د دې Administrative approval په کوم Date باندې شوے دے او د هغې ټینډر کله شوے دے؟ زه دوئ ته هغه لړ Explain کوم نو د دوئ ذهن به پخپله په دې باندېClear شی یا د میر کلام صاحب یا زمونږه د دې نورو، نثار صاحب چې په هغه ټائم کښې د سره هلته کښې الیکشن هم نه وو شوے او د دې اسمبلئ معزز ممبران صاحبان نه وو، د دې اسمبلئ ظاهره خبره دا ده چې هلته کښې کله Merger نه وو شوے نو هلته کښې به هم که څه ډیویلپمنټ کیدو Under the federal government نو هغه به د پی اے او هلته کښې چې کوم ایډمنسټریشن دے د هغوی په وساطت سره او د هغوی په Recommendation سره به کیدو، بیا د هغې نه وروستو چې کله Merger اوشو او دا یو کال الیکشن هلته کښې لیټ شوے وو نو هلته کښې دا ایډمنسټریشن ظاهره خبره دا ده چې د ډیویلپمنټ کار خو به کیږی، روان به وی او ایډمنسټریشن Through به بیا کیږی، د چا Through به کیږی؟ دویمه خبره دا ده چې کله دا ایشو راغله، کیبنټ ته هم دا راغله، په دی باندې کیبینټ کښې هم خبره شوې وه، هلته کښې کیبنټ ممبران صاحبان ناست دی نو اول خپله ما هم د دې دغه کړے وو، ټولو ممبرانو چې یره د کیبنټ هلته کښې اوس Already زمونږه دغه شته، ممبران شته، په اسمبلئ کښې د هغه عوامو نمائندګان راغلی دی، پکار ده چې د هغوی مشاورت کښې د دوئ رائے او د دې نشاندهی چې کومه ده دا په هغې کښې شامله وی نو هغه کیبنټ د هغې Approval ورکړو، کوم زوړ نوټیفکیشن چې شوے وو، د دې دا د 2015ء نه مخکښې دا یو دغه راروان دے، د فیډرل 2018ء امنډمنټ چې کله اوشو، د هغې نه وروستو په 2019ء کښې چې دے دا Notify شو، د KDC نه بیا AIP راغله نو اوس د دې

ټولو دوئ چې دا اوس کوم دلته کېښې، اول زه دوئ ته وایم چې دا دوئ چې کوم دی، د دې سکیم متعلق د دې Approval شوے دے، د دې ټینډر شوے دے، Administrative approval د دې ایشو شوے دے، په 09-05-2019 باندې د دې Approval شوے دے او په جولائی 2019ء کېښې د دوئ الیکشن شوے دے، هم دغه شان دا ټوټل تفصیل د هغې سره لګیدلے دے، د هغې نه وروستو باقاعده د دې منتخب ممبرانو رائے او اوس Merger چې کوم شوے دے، زمونږ هغه ایریا او صوبه کېښې اوس یو قانون دے او یو طریقه کار دے، بلکه مونږه سی اینډ ډبلیو ډیپارټمنټ د هغې هغه Concept ئے هډو ختم کړے دے چې مونږه د هغې د پاره مخکښې به یو ځان له جدا چیف انجنیئر وو، اوس ئے هغه Concept ختم کړے دے، لکه اوس باجوړ دے نو هغه نارتهـ سره دے، سوات ملاکنډ، بونیر، شانګله، باجوړ دا یو د هغې چیف انجنیئر دے، هلته دغه شان مهمند او دلته کېښې چې زمونږ خیبر هغه د پیښور سره دے، دغه شان بیا ساؤتهـ ون، ساوتهـ ټو، نو هغه Conceptهم مونږه ختم کړے دے، هلته کېښې ځان له جدا قانون دے یا هلته کېښې څه جدا طریقه کار دے یا څه جدا فارمولا ده، که بیا هم د دوئ په دې حواله سره څه نور څه معلومات پکار وی، زه اوس نه د دې ډپټی کمشنر صاحب هغه کمیټی شته، د دې کوئسچن هم ډیر وخت شوے دے، ډیر مخکښې نه دے، Specific دوئ دې ماته اووائی زه به دوئ ته آفس کېښې اووایم، معلومات به ورکړم، که په دې هاؤس کېښې وائی نو هم معلومات به ورکړم او که دوئ بیا راځی نو هغې ته هم تیار یم، د دوئ په ذهن کېښې چې څه ابهام او څه خبره اتره ده د هغې د خاتمې د پاره هر وخت دوئ ته تیار یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سراج الدین صاحب، زما خیال دے چې شومره تفصیلی جواب هغوی درکړو نو مطمئن به ترې یئ۔

جناب سراج الدین: نه جی، د دې نه زه مطمئن نه یم، زما دا خبره ده چې آیا وزیر صاحب چې دا خبره کوی، دا اوسه پورې چې زه کوم شے Highlight کوم، هغه اوس په 2020ء او 2021ء کېښې چې کله مونږ ممبران وو او که دوئ نشاندهی غواړی، زه به د هغې تفصیل هم ورکړم۔ دویمه خبره دا ده چې تیر خو پریږدئ، تر

اوسه پورې مونږه د Mergedاضلاع چې کوم د اپوزیشن ارکان یو، زمونږ سره اوسه پورې چا مشاورت کړے دے ؟ د اوسه پورې زمونږ په دغه سکیمونو کښې نه ډپټی کمشنر او نه چا مشاورت کړے دے او نه چا کښینولی یو، (تالیاں) نو لهذا که زمونږه مینډیټ دوئ تسلیم کړی او دوئ وائی چې یره دوئ هم ممبران دی او د دوئ هم حق شته په صوبائی فنډ کښې نو بیا دې زمونږ سره مشوره هم کیږی او بیا دې زمونږ نه Recommendation هم اخلی او یا خو دې زمونږ په حلقو کښې د سره کار نه کوی، (تالیاں) چې کار کوی نو بیا دا ده چې حق زمونږه جوړیږی، د هغه کار افتتاح به هم مونږه کوؤ او د هغې Recommendation به هم مونږه کوؤ، هغه دا نه ده چې صوبائی فنډ ځی او هغه هلته ایم این اے راځی او د هغې افتتاح به هم کوی او ایم این اے د هغې Inauguration به هم کوی، ایم این اے د هغې کریډټ به هم اخلی، دا زمونږ د پاره ښه خبره نه ده، دا دې یقینی کړی چې اوس نه پس چې کوم رارواں دی هغه دې یقینی کړی، مونږ به ئے اومنو۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی ریاض خان صاحب۔

<u>معاون خصوصی برائے مواصلات و تعمیرات</u>: جناب سپیکر صاحب، ما خو اووئیل چې د دوئ رائے ده او د عوامو دا دوئ سره مینډیټ دے، حکومت د هغې احترام هم کوی او هغې ته ډیر د قدر په نظر ګوری۔ ظاهره خبره دا ده چې د دوئ په حلقو که کار وی، په حلقه کښې به کار ولې نه کیږی، ظاهره خبره دا ده دلته د خلقو مسئلې دی، انسانی بنیادی ضرورتونه دی او هغه د حکومت په Priority باندې دی، په ایجنډا باندې دی، هغه د Merged areas چې څومره هم ایشوز دی، هغه خو ظاهره خبره ده چې ډیر زیات په سنجیدګئ سره او ډیر په Speedسره د هغې د ترقئ د پاره حکومت سنجیده دے او لګیا دے کار کوی، زه څنګه چې تاسو ته ما اووئیل لکه کوم چې دا Specific، لکه زه تاسو ته اووایم جی، په دیکښې د 2018ء د وخت پراته دی، د دې Administrative approval په 2018ء کښې شوے دے، په 2019ء کښې په 2017ء کښې که هغه وخت کښې دوئ په هغې

باندې ګیله کوی نو زما په خیال باندې دغه ماته جائز نه ښکاری او ان شاءالله آئنده دا کوم اوس چې دی، باقاعده د دې مشاورت د حکومت په فرائض کښې دی او ان شاءالله د دوئ مشوره به هم پکښې وی، د دوئ رائے به هم پکښې وی ځکه چې د دې هاؤس نه د دې اسمبلئ نه د هغې بجټ او زمونږه د ټولو Annual developmental plan چې کوم دے هغه د دې اسمبلئ نه پاس کیږی، دوئ د دې اسمبلئ ممبران دی، ان شاءالله حکومت دا یقین دهانی دوئ ته ورکوی چې باقاعده د دوئ رائے او دغه به په هغې کښې شامل وی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: امید دے چې Satisfy به وی او که څه مسئله وی، هغوی چې څنګه اووئیل، هغوی سره کښینئ، کوم Detail چې پکار وی هغې نه پس به ئے هغوی درکوی درله، تهینک یو۔ کوئسچن نمبر 13096، جناب عنایت اللہ خان صاحب، کوئسچنز آور تقریباًAlmost ختم ہو چکاہے، آپ ذرا جلدی جلدی اس کوWindup کریں۔

* 13096 _ جناب عنایت اللہ: کیاوزیر ٹرانسپورٹ ارشاد فرمائیں گے کہ بی آر ٹی کا سالانہ آپریشنل خرچہ کیا ہے، بی آر ٹی روزانہ کے حساب سے کتناGenerate کر رہاہے، نیزبی آر ٹی کی روازانہ آمدن اس کے روازانہ اخراجات پورا کر رہی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب شاہ محمد خان(وزیر ٹرانسپورٹ) (جواب وزیر محنت نے پڑھا): کوروناوباء نے جہاں دنیا کے تمام شعبوں کو متاثر کیاتو وہاں پر بی آر ٹی پشاور روزانہ آپریشنل امور کو بھی متاثر کیا۔ بی آر ٹی کی آمدن کا بنیادی ذریعہ سفری اعداد و شمار پر منحصر ہوتاہے، کوروناوباء کے باعث ہر شعبہ زندگی متاثر ہوا جس میں تعلیمی اداروں کی بندش، لاک ڈاؤن، کاروباری سرگرمیوں پر پابندیاں، دفاتر میں پچاس فیصد حاضری سمیت پبلک ٹرانسپورٹ پر حکومتی ہدایات شامل ہیں۔ تاحال بی آر ٹی کے بقیہ دو فیڈر روٹس اور زیر تعمیر کمرشل پلازوں اور ڈیپو پر کام جاری ہے جن کی تکمیل اور فعال ہونے کے ساتھ کوروناوباء کے باعث غیر متوقع صورتحال سے نکلنے اور معمول کے حالات ہونے کے بعد سالانہ اور یومیہ اخراجات کی مکمل و درست تفصیلات فراہم کی جاسکیں گی۔

جناب عنایت اللہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، یہ جواب جوانہوں نے دیاہے وہ جواب نہیں آیا، میرے خیال میں منسٹر صاحب خودAgree کریں گے، میں اگرReadout کروں توآپ

کو خود اندازہ ہوگا کہ میں نے کیا مانگا ہے، انہوں نے کیا جواب دیا ہے؟ میں نے کہا کہ بی آر ٹی کا سالانہ آپریشنل خرچہ کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا ہے کہ کورونا وباء کے دوران بی آر ٹی کے دوران Traveling متاثر رہی ہے، اس لئے یہ تفصیلات ہم بعد میں فراہم کریں گے۔ بی آر ٹی روزانہ کے حساب سے کتنے پیسے Generate کر رہا ہے؟ بھئی بی آر ٹی تو مسلسل چلتا رہا، کورونا وباء کے دوران بھی چلتا رہا، یہ تو جواب نہیں ہوا کہ کورونا وباء کے دوران چونکہ آپریشنل کام متاثر رہا، میں نے تو آپریشنل کام کی Detail نہیں مانگی، میں نے تو یہ نہیں مانگا کہ کیا بی آر ٹی Profit میں ہے یا Loss میں ہے؟ میں نے تو صرف یہ مانگا ہے کہ آپریشنل خرچہ کیا ہے اور بی آر ٹی خود کیا Generate کر رہا ہے، کیا وہ اپنے Daily اخراجات پورا کر رہا ہے کہ نہیں؟ اس میں کسی بھی چیز کا انہوں نے جواب نہیں دیا ہے۔ میں تو صرف یہ سمجھتا ہوں کہ جب یہ سوالات ہم کرتے ہیں تو اس لئے کرتے ہیں کہ اس سے ایک لحاظ سے Accountability ہوتی ہے، Transparency آتی ہے، حکومت کے نوٹس میں بھی یہ چیزیں آ جاتی ہیں، اس لئے بہتر یہ ہوگا کہ اس کو متعلقہ سٹینڈنگ کمیٹی کے اندر بھیج دیں، ڈیپارٹمنٹ یہ متعلقہ انفارمیشن وہاں پھر مجھے Consolidate کر کے وہاں کمیٹی کے اندر دے دے، اس پر ادھر ڈسکشن کریں گے۔

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> Concerned Minister, to respond.

<u>جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وافرادی قوت):</u> جناب سپیکر، جو انہوں نے مانگا ہے، اس کا جواب انہوں نے Written دیا ہے، اس Written جواب کے اندر انہوں نے بہت ساری چیزوں کی وجوہات بھی بیان کی ہیں، اس کے جو Routine اخراجات تھے اور جو اس کی آمدن تھی، جس طرح کورونا کی وجہ سے بہت سارے ادارے متاثر ہوئے ہیں، اس میں یہ ادارہ بھی متاثر ہوا ہے کیونکہ جب سکولوں کی چھٹیاں ہوتی ہیں تو زیادہ تر بچے بھی اس میں سفر کرتے ہیں، اساتذہ بھی سفر کرتے ہیں، اس طرح جب ہم نے Fifty percent سرکاری دفاتر کے اندر حاضری کی وجہ سے بھی کافی فرق پڑا، تو یہ ساری چیزیں انہوں نے بیان کی ہیں لیکن یہ جو Details مانگ رہے ہیں کہ اس نے کتنی آمدن کی ہے؟ انہوں نے وہ نہیں دی ہے، میں نے ابھی اس سے پہلے جا کر ان سے ریکویسٹ کی کہ اگر آپ چاہتے تو جو Concerned Minister ہیں، جب وہ آ جائیں گے، آپ ان کے ساتھ بیٹھ جائیں، آپ کو جو جو Detail چاہیئے وہ اس وقت ڈیپارٹمنٹ کو بلا کر آپ کو وہ جواب دے دیں گے لیکن انہوں نے میری بات نہیں مانی، میرے خیال سے اب ان کی اپنی مرضی ہے، جو یہ کہنا چاہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، عنایت اللہ خان صاحب۔

جناب عنایت اللہ: شوکت بھائی ہمارے لئے محترم ہیں، سچی بات یہ ہے کہ انہوں نے جو بات کی، میری اور نگہت بی بی کی بات میں تھوڑا فرق ہے، نگہت بی بی شاید کوئی Documents یہاں Produce کرنا چاہتی ہیں جس کے لئے Concerned Minister بہت زیادہ ضروری ہے، میرا مسئلہ بالکل Different ہے، میں یہ کہہ رہا ہوں کہ سوال کا جواب جو انہوں نے دیا ہے وہ سوال کا جواب ہے ہی نہیں، یہ بنتا ہی نہیں ہے، میں یہ کہہ رہا ہوں کہ بی آر ٹی کا آپریشنل خرچہ کیا ہے؟ ظاہر ہے یہ تو بتا سکتے ہیں، بی آر ٹی ٹھیک ہے اپنی Full momentum سے نہیں چل رہا ہے لیکن خرچہ تو کر رہا ہے نا، Covid کے دوران بھی چلتی رہا ہے، خرچہ تو کرتا رہا ہے، اس کا جواب ان کو دینا چاہیئے تھا کہ اس کا یہ خرچہ ہو رہا ہے۔ میں نے یہ پوچھا ہے کہ یہ جو Revenue generate کر رہا ہے، کیا وہ اپنا خرچہ پورا کر رہا ہے؟ اس کا جواب یہ ہو سکتا تھا کہ ہاں پورا کر رہا ہے یا نہیں پورا کر رہا ہے، انہوں نے صرف یہ بات نہیں کی ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ شوکت بھائی کا مسئلہ نہیں ہے، وہ ہمارے لئے محترم ہیں، سارے، ظاہر ہے ہمارے Colleague ہیں، ہمارے دوست ہیں، مسئلہ ڈیپارٹمنٹ کا ہے، ڈیپارٹمنٹ کو یہ چیز Clear cut لکھنا چاہیئے تھا، ڈیپارٹمنٹ کو ہمارے منسٹروں کو Assist کرنا چاہیئے، ڈیپارٹمنٹ جب اسمبلی کو کسچنز کا جواب دیتا ہے تو سوچ سمجھ کر دے، یعنی یہ حکومت کی Embarrassment کا سبب بنتے ہیں، ڈیپارٹمنٹ، اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ جواب درست نہیں دیا گیا ہے، اس میں کوئی برائی نہیں ہے کہ یہ سٹینڈنگ کمیٹی، شوکت بھائی سے میں ریکویسٹ کرتا ہوں، اس سے پہلے بھی ایک سوال آپ نے سٹینڈنگ کمیٹی کے اندر بھیج دیا، اس کو بھی بھیج دیں، وہاں یہ Details department provide کرے، اس میں کونسی برائی ہے، ہم دیکھیں گے کہ وہاں Analysis کریں گے، میں ریکویسٹ کرتا ہوں، آپ کے Through کہ یہ کوئی اتنا بڑا مسئلہ نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شوکت یوسفزئی۔

وزیر محنت وافرادی قوت: سر، اس طرح ہے کہ بی آر ٹی کے دو فیڈر روٹس بھی سٹارٹ نہیں ہیں، جو اس کے کمرشل پلازے تھے وہ بھی آپریشنل نہیں ہیں، وہ Under construction ہیں، آپ کو پتہ ہے اس کو جب Design کیا گیا تو یہ ساری چیزیں مل کے یہاں سے جو آمدن آئے گی اس بی آر ٹی کی۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب، آپ اپنی سیٹ پر چلے جائیں۔

وزیر محنت وافرادی قوت: جناب سپیکر، انہوں نے جو بات کی کہ کیا بی آر ٹی کا پورا خرچہ پورا ہو رہا ہے یا نہیں ہو رہا؟ یہ تو تب ہوگا جب بی آر ٹی کے پورے لوازمات مکمل ہو جائیں گے، اس کے کمرشل پلازے اس لئے Design کئے گئے ہیں کہ اس کو Support دیں، اس پر جو کمرشل پلازے ہیں وہ میں کہتا ہوں کہ پورے پاکستان میں کسی بھی بی آر ٹی اور جتنے بھی بی آر ٹی بنے ہیں، کسی کے پاس کمرشل پلازے نہیں ہیں، آمدن کا کوئی ذریعہ نہیں ہے، وہ Totally depend کرتے ہیں حکومتی Subsidy کے اوپر لیکن یہاں پر ٹھیک ہے ہم نے Start لیا ہے، اللہ کے فضل سے ایک لاکھ سے اوپر لوگ اس میں سفر کرتے ہیں، یہ تو خوش قسمتی ہے کیونکہ وہاں ایک ہی Route ہے، یہ بڑا کامیاب جا رہا ہے، اگر یہ نہ بنتے تو پتہ نہیں کہ ہماری سڑکوں کا کیا حال ہوتا۔ جناب سپیکر، انہوں نے Detail مانگی ہے، میں یہی عرض کروں گا کہ کل منسٹر صاحب آجائیں گے، آپ ان کے ساتھ بیٹھ جائیں، اگر آپ مطمئن نہیں ہوں تو پھر کمیٹی کے پاس بھیج دیں گے، اس طرح کا کوئی ایشو نہیں ہے، اس میں کل بھی ہم بھیج سکتے ہیں، منسٹر صاحب جب آجائیں گے تو اس کے ساتھ بیٹھ جائیں۔

جناب عنایت اللہ: مړه یار، دیکښې څه خبره ده؟

جناب ڈپٹی سپیکر: وہ Insist کر رہے ہیں کہ کمیٹی میں بھیجیں۔

وزیر محنت وافرادی قوت: نہیں، کمیٹی میں نہ بھیجیں کیونکہ منسٹر ہیں نہیں، دیکھیں انہوں نے جو جواب دیا ہے وہ بڑا Clear ہے کیونکہ اس سے مجھے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں Put کر دیتا ہوں، وہ مان نہیں رہے تو پھر میں Put کروں گا۔

جناب عنایت اللہ: پھر یہ کام کریں کہ ڈیپارٹمنٹ میں یہ جو Incomplete Information ہیں، یہ منسٹر صاحب آکر مجھے Detail فراہم کریں، یعنی میں اس سے مطمئن نہیں ہوں، کمیٹی میں Refer نہ کریں، مجھے ڈیپارٹمنٹ۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شوکت یوسفزئی صاحب، اس طرح کریں کہ جو Details انہوں نے مانگی ہیں وہ آپ ان کو Provide کریں۔

جناب عنایت اللہ: بس یہ Details مجھے فراہم کریں۔

وزیر محنت وافرادی قوت: سر، ابھی دیکھیں نا، یہ کوئسچن۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ابھی نہیں۔

وزیر محنت وافرادی قوت: دیکھیں، میں نے پہلے جا کر ان سے ریکویسٹ کی، نگہت بھی موجود ہے، انہوں نے بھی ریکویسٹ کی کہ منسٹر صاحب آ جائیں، آپ بے شک اپنا کوئسچن Defer کر دیں، انہوں نے نہیں کیا، اب یہ دیکھیں، اب یہ ہاؤس کا فیصلہ ہے، اگر ہاؤس کہتا ہے کہ جائے تو جائے ورنہ نہ جائے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں شوکت، شوکت، ایک ہفتے کے اندر اندر جو Details یہ مانگ رہے ہیں، ان کو دے دیں۔

وزیر محنت وافرادی قوت: میں یہ ریکویسٹ کرونگا کہ کل تک اس کو کریں، جب منسٹر صاحب آ جائیں، ان کے ساتھ بیٹھ کر، میں ان کے ساتھ ہونگا، میں نے ابھی بھی جا کر ان سے ریکویسٹ کی کہ میں آپ کا ساتھ دونگا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں یہاں پر ہاؤس کو ابھی Put کرونگا یا آپ ان کو Details provide کر دیں۔

وزیر محنت وافرادی قوت: ٹھیک ہے، اگر یہ مانگ رہے ہیں، میں ڈیپارٹمنٹ سے کہونگا کہ جی، Details به درته در کړی، خبره ختمه شوه۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ ڈیپارٹمنٹ کو کہیں کہ ان کو دیں، ٹھیک ہے۔

وزیر محنت وافرادی قوت: که زما خبره دې منلې وے نو اوس به دا نه وو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک ہفتے کے اندر Within a week جو ہے۔

وزیر محنت وافرادی قوت: Within a week، ڈیپارٹمنٹ بیٹھا ہوا ہے، آپ کو ساری انفارمیشن مل جائیگی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ثوبیہ شاہد صاحبہ، کوئسچن نمبر 13215۔

* 13215 _ محترمہ ثوبیہ شاہد: کیا وزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ میں تعینات سرکاری افسران، ملازمین کو حکومت کی جانب سے دی گئی سرکاری گاڑیوں کی تفصیل درج ذیل طریقہ کار کے مطابق فراہم کی جائے، نیز سرکاری گاڑی الاٹ کرنے کا طریقہ کار اور قانون بھی فراہم کیا جائے؛

(ب) آیا سرکاری گاڑیاں سرکاری ملازمین کے علاوہ کسی اور کے استعمال میں بھی ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر محنت نے پڑھا): اس ضمن میں عرض ہے کہ محکمہ میں تعینات سرکاری افسران، ملازمین کو حکومت کی جانب سے جن افسران کو گاڑیاں الاٹ کی گئی ہیں، ان کی تفصیل درج ذیل ہے۔ مزید برآں سرکاری گاڑی الاٹ کرنے کا طریقہ کار اور قانون محکمہ انتظامیہ کے پاس موجود ہے۔

| نمبر شمار | نام آفیسر | عہدہ | سکیل | نوعیت / ماڈل / سال | گاڑی نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | شکیل احمد | معتمد | 20 | ٹویوٹا1300ccماڈل2021ء | AB 5100 |
| 2 | معتصم باللہ | نائب معتمد | 20 | ٹویوٹا1300ccماڈل2021ء | AB 4747 |
| 3 | عنایت اللہ وسیم | اضافی معتمد | 20 | ٹویوٹا1300ccماڈل2021ء | AB 5200 |
| 4 | محمد مسعود | اضافی معتمد | 19 | ٹویوٹا1300ccماڈل2021ء | APL |
| 5 | جاوید صاحب | اضافی معتمد | 19 | ٹویوٹاXLI 1300ccماڈل2007ء | A 3273 |
| 6 | نیاز محمد | اضافی معتمد | 19 | ٹویوٹا1300ccماڈل2021ء | APL |
| 7 | شاہ نواز | سی پی او | 19 | ٹویوٹاXLI 1300ccماڈل2010ء | A 9973 |
| 8 | محمد ارشاد | نائب معتمد | 18 | کلٹس1000ccماڈل2010ء | AA 3605 |
| 9 | حمید اللہ | نائب معتمد | 18 | لانسر1300ccماڈل2006ء | AA 8188 |
| 10 | حلیمہ بی بی | نائب معتمد | 18 | کلٹس1000ccماڈل2010ء | AA 3603 |
| 11 | عمران | آڈٹ آفیسر | 18 | کلٹس1000ccماڈل2010ء | AA 3194 |
| 12 | شاکر | DDIT | 18 | کلٹس1000ccماڈل2019ء | AB 2799 |
| 13 | سمیع الدین | S.P.O | 18 | کلٹس1000ccماڈل2015ء | AA 3619 |
| 14 | مجاہد شاہ | S.O.G | 17 | کلٹس1000ccماڈل2015ء | AA 3620 |
| 15 | فضل سبحان | S.O | 17 | کرولا1300ccماڈل1998ء | A 1132 |

محترمہ ثوبیہ شاہد: تهينک يو، جناب سپيکر صاحب. ما کوئسچن کړے وو، د بلديا تو محکمه کښې چې کوم سرکاري ګاډي دي هغه د چا سره دي او څه طريقه کار ئے دے؟ دوئ ماته، د دې کوئسچن جواب بالکل تاسو اوګورئ، وائي چې زمونږ سره څه انتظام شته دے نه او دا ئے نه دي وئيلي چې د کومې محکمې سره او څه يو پندره نومونه ئے ورکړي دي، په ټوله صوبه کښې چې د پندره کسانو سره دا ګاډي دي، نه ئے د هغوی محکمې ورکړې دي، دا د کوم ډيپارټمنټ سره دي؟

بله خبره دا ده چې د ګاډو تپوس خو به وروستو کوم، اوس خو به د منسټر نه هم تپوس او کړو چې منسټر چرته دے؟ منسټر ئے هم نشته۔ بل دا چې حکومت د دې ګاډو سره دا دې هم مونږ پوهه کړی چې دا منسټران هم چور دی او حکومت هم چور دے، د خلقو نه پیسې اخلی او منسټران لګوی او که نه منسټران چې کوم دی هغوی غلا کوی او ټول اوباسی، په دې باندې دا ټول عوام، دا ټوله صوبه زمونږ دا هاؤس تاسو ته په دې باندې ډیر زیات دغه یو، د دې Explanation تاسو مونږ له راکړئ، دا به د دې صوبې خلقو سره ډیره زیاته مهربانی وی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، کوئسچنز آور ختم ہو چکا ہے لیکن پھر بھی دو کوئسچنز ہیں، اس کیلئے ٹائم دے رہا ہوں، میں ٹائم دے رہا ہوں، میں نے کہہ دیا ہے کہ کوئسچنز آور ختم ہو گیا ہے لیکن میں آپ کو ایک سوال کا ٹائم دے رہا ہوں۔ جی، شوکت یوسفزئی صاحب۔

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وافرادی قوت): جناب سپیکر، جہاں تک گاڑیوں کا سوال ہے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آج آپ نے اس وجہ سے کپڑے ایسے پہنے ہوئے ہیں۔

وزیر محنت وافرادی قوت: جناب سپیکر! جہاں تک گاڑیوں کا سوال ہے، گاڑیوں کی Detail محکمے نے دی ہوئی ہے۔ جہاں تک وزراء کے محکموں کو بیچنے اور فروخت کرنے کا تعلق ہے، جو چھانگا مانگا کی جس نے سیاست ہے، وہ لندن میں بیٹھا ہوا ہے، وہ یہاں نہیں ہے، آج محکمے برائے فروخت نہیں ہیں، نہ وزارتیں برائے فروخت ہیں، ان شاء اللہ میرٹ پر دی جائیں گی کیونکہ جو لوگ اس کی سیاست کرتے تھے وہ اس وقت آؤٹ ہیں، اللہ کے فضل سے اسمبلیوں سے بھی آؤٹ ہیں اور ملک سے بھی آؤٹ ہیں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم ثوبیہ شاہد صاحبہ۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر صاحب، بچہ بغل میں اور شور شہر میں، اس حکومت نے جس انداز سے چوری Start کی ہوئی ہے، چاہے وہ گاڑیوں میں ہو، چاہے وہ ٹرانسفر میں ہو، چاہے وہ بھرتیوں میں ہو، چاہے وہ اور طریقوں سے، Even یہ کہ سب کچھ ہو گیا ہے، جو پچھلے ریکارڈز تھے وہ سارے توڑ دیئے ہیں، اب صرف منسٹروں کی بولی لگ رہی ہے، یہ عوام کو بتائیں کہ آپ لوگ چور ہیں، میں نے پہلے بھی سیشن میں بتایا تھا کہ چوری 1994ء میں عمران خان نے Start کی تھی، جو قیمتی پتھر چرانے کیلئے گئے تھے۔۔۔۔۔

جنابِ ڈپٹی سپیکر: آپ کا جو کوئسچن ہے، کوئسچن پر آ جائیں۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: ابھی بھی ہر منسٹر ہر مہینے میں چوری کے الزام میں نکل رہا ہے، آپ کے منسٹر چور ہیں، حکومت چور ہے، جو حکومت پیسے لے رہی ہے، ایک منسٹر کو ٹرانسفر کر کے دوسرا لے کر آ رہی ہے، پھر اس کو چھ مہینے کام کر واکر پھر وہ اور لے رہی ہے۔۔۔۔۔

جنابِ ڈپٹی سپیکر: آپ کوئسچن پر آ جائیں۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: باقی نیچے آپ لوگوں کا کیا ہو گا جناب سپیکر صاحب، نیچے سوچیں، نیچے Jobs ہیں، پوسٹیں ہیں، اچھی اچھی پوسٹیں ہیں، اس پر آپ لوگوں کے کیا خیالات ہونگے، جو بات منسٹر تک آ چکی ہے۔

جنابِ ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے۔ جناب شوکت یوسفزئی صاحب۔

وزیر محنت و افرادی قوت: پښتو کښې وائی چې غلبیل راپاخی او کوزې ته وائی تا کښې دوه سورې دی، مسئله خو دا ده چې دا دومره مونږه Struggle اوکړو، د چا خلاف مونږه Struggle کړے دے، نن کوم خلق د ملک نه تبنتیدلی دی او دا د پاکستان چې څومره غټ عدالت دے، هغه عدالت چاته نا اهله وئیلی دی؟ زما یقین دے یو خو دا ده چې هر سړی ته خپل ځائې خوږ وی او هر سړی ته خپل لیډر خوږ وی لیکن عدالت چې دے هغه د انصاف فیصله کوی، کوم عدالت کوم یو لیډر ته دا وئیلی دی چې دا ایمانداره دے او کوم یو عدالت کوم لیډر ته دا وئیلی دی چې دا نا اهله دے؟ زما خیال دے "دودھ کا دودھ پانی کا پانی" ټوله دنیا ئے پیژنی او هغې باره کښې دلته د بحث کولو ضرورت نشته، ټولو ته پته ده چې غل څوک دے او غلا چا کړې ده، ملک نه تبنتیدلی څوک دی او دا عدالتونه د چا انتظار کښې دی، دا نیب او احتساب دا د چا په انتظار کښې دی؟ زما خیال سره د دې دا وخت نه دے ځکه چې کوئسچنز آورز دے او اوس دوه کاله پاتې دی، بیا به Nomination طرف ته ځو نو لږ ډیر خپل Performance show کړئ، لکه دا سې Performance مه Show کوه چې هغې کښې ستا لیډرانو ته بیا خلق ګوتې راا وچتوی۔

جنابِ ڈپٹی سپیکر: جی ثوبیه صاحبه، اوس خو به مطمئن شوی یئ۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر صاحب، زه به څه مطمئن شم چې دوئ غلا ګانې شروع کړې دی او بیا هم وائی چې نواز شریف غل دے، دوئ پسې لاړ شئ، غلا ګانې لګیا دی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم، آپ ایجنڈے پر آ جائیں، کوئسچنز آور ختم ہوگیا ہے۔ کوئسچن نمبر 13258، جناب صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب۔

* 13258 _ صاحبزادہ ثناء اللہ: کیا وزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے اے ڈی پی صفحہ نمبر 1060/190602 سن 2018، Special Initiative for Hundred Days کے نام سے ایک پروگرام شروع کیا تھا جس کیلئے 6010 ملین روپے مختص کئے تھے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کیا یہ پروگرام اے ڈی پی 20-2019ء کا حصہ تھا، یہ رقم کن کن سیکٹرز میں اور کن کن مدات پر خرچ کی گئی، ضلع وائز، حلقہ وائز خرچ شدہ رقم کی تفصیلات فراہم کی جائیں؟

جناب محمود خان (وزیراعلیٰ) (جواب وزیر محنت نے پڑھا): (الف) جی نہیں۔

(ب) مذکورہ سکیم اے ڈی پی 20-2019ء کے سیکٹر Special Initiatives کے تحت آتی ہے جو کہ پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ کے زمرے میں آتا ہے جس کی بہتر وضاحت پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ کر سکتا ہے۔

صاحبزادہ ثناء اللہ: شکریه جناب سپیکر صاحب، ډیره مهربانی۔ دا کوم کوئسچن چې ما کړے دے دا د هغه اے ډی پی بک دے چې 20-2019ء تاسو پخپله دیکښې او ګورئ، آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے اے ڈی پی نمبر 10 صفحہ نمبر Special Initiative for Hundred Days کے نام سے ایک پروگرام شروع کیا تھا؟ سر، دوئ لیکلی دی "جی نہیں"۔ سر، دا اے ډی پی بک دے، یا دې د اے ډی پی نه انکار اوکړی چې دا د اے ډی پی کومه صفحه ده دا غلطه ده، دوئ وائی (جز) نمبر (ب) کښې بیا په جواب کښې وائی، مذکورہ سکیمیں اے ڈی پی نمبر 20-2019ء کے سیکٹر Special Initiative کے تحت آتی ہیں جو کہ پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ کے زمرے میں آیا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، ما خو دا

تپوس کړے دے ، دا سکیم ئے چې کوم حکومت شروع کړے دے ، Executing Agency دې ماته اوښائی چې دا څوک ده؟ پی اینډ ډی خو ئے پخپله باندې نه کوی، پکار ده تاسو چې دا کوم جواب ورکړے دے ، *جی نہیں*، یو طرف ته وائی چې *ہاں*، شته سکیم، شروع کړے مو دے ، بل طرف ته وائی چې دا نشته دے ، نو دوئ دې خپله باندې دا منسټر صاحب چې څوک وی هغه به جواب ورکړی۔

Mr. Deputy Speaker: Concerned Minister, to respond.

*وزیر محنت وافرادی قوت*: غلط ډیپارټمنټ ته ئے کوئسچن کړے دے ، هغوی ورته وئیلی دی چې زمونږ نه دے ، پی اینډ ډی نه تپوس اوکړه، هغوی ورته لاره اوښودله۔ دوباره کوئسچن راوړه، پی اینډ ډی نه به تپوس اوکړو چې بهئ اوس تاته خو پی اینډ ډی د بلدیاتو جواب نه شی درکولې کنه۔

*جناب ڈپٹی سپیکر*: جی، صاحبزاده صاحب۔

*صاحبزادہ ثناء اللہ*: حکومت ترې تپوس کړے دے ، ما خو د حکومت نه تپوس کړے دے ، دا حکومت نه دے ؟ پی اینډ ډی حکومت دے ، لوکل ګورنمنټ حکومت دے ، لار ماته هم معلومه ده، تاسو ورته ګورئ دا اے ډی پی بک دے ، دا کوم ځائې کښې ئے لیکلی دی چې دا پی اینډ ډی ډیپارټمنټ دے ، دا Special Initiative-----

*جناب ڈپٹی سپیکر*: صاحبزاده ثناء الله صاحب، ستاسو چې کوم کوئسچن دے ، تاسو ئے اوګورئ، *کیا وزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے*، کوئسچن تاسو اوګورئ نو څنګه چې شوکت یوسفزئی صاحب اووئیل چې دا د بلدیاتو منسټر سره Concerned نه دے ، تاسو غلط ډیپارټمنټ ته کړے دے ، تاسو ئے Concerned department ته اوکړئ نو هغه به جواب درکړی درله۔

*صاحبزادہ ثناء اللہ*: دا تاسو اوګورئ چې مخکښې Special Initiative څومره چې دی دا لوکل ګورنمنټ Implement کول، د دې ډیپارټمنټ Releases ټول د لوکل ګورنمنټ نه کیدل----

جناب ڈپٹی سپیکر: ګوره جی، مخکښې خو ډیر څه شوی دی، هغه مخکښې خبره مه کوئ، اوسنئ خبره یادوئ، مخکښې خو ډیر څه شوی دی۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: زه د دې حکومت خبره کوم۔

وزیر محنت وافرادی قوت: که زما معزز ممبر دا کوئسچن په اسمبلئ کښې Direct ما نه کړے وی نو که ماله جواب نه راتلو، ما به چا نه تپوس کړے وو، دا کوئسچن دے، Written ئے سوال کړے دے، کیاوزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے، نو ستا کوئسچن بلدیاتو ته تلے دے-----

جناب ڈپٹی سپیکر: اؤ جی۔

وزیر محنت وافرادی قوت: هغوی لیکی، دا زمونږ سره نه دے، دا د پی اینډ ډی سره دے، هغوی نه تپوس اوکړه، ګوره پخپله دې کوئسچن غلط کړے دے، اوس مهربانی اوکړه، خیر دے لږ صبرا وکړه کنه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: صاحبزاده ثناء الله صاحب، تاسو چې کوم کوئسچن کړے دے، تاسو کوئسچن غلط کړے دے۔

وزیر محنت وافرادی قوت: ډاکخانه مو غلطه ده، څه اوکړم؟

جناب ڈپٹی سپیکر: یو منټ جی، لږ دیکښې د ډیپارټمنټ هم غلطی شته، که د بلدیاتو کوئسچن نه وے نو پکار ده چې بلدیاتو والا پی اینډ ډی ته استولے وے، دا کوئسچن زما نه دے، د دې جواب ورکړئ او تاسو صاحبزاده ثناء الله صاحب، تاسو چې دا کوم کوئسچن دے، سیکرټری صاحب! دا واپس کړئ او دا تاسو سیکرټری پی اینډ ډی ته واستوئ۔ تهینک یو۔

## اراکین کی رخصت

جناب ڈپٹی سپیکر: Leave applications: جناب شفیع اللہ خان صاحب، 23اگست، جناب محب اللہ خان صاحب، 23اگست، مسماۃ شاہدہ وحید صاحبہ، 23اگست، شکیل احمد خان صاحب، 23تا26اگست، مسماۃ ساجدہ حنیف صاحبہ، 23اگست، مسماۃ مدیحہ نثار صاحبہ، 23اگست، انور زیب صاحب، 23اگست،

عارف احمد زئی صاحب، 23اگست، عبدالکریم خان صاحب، 23اگست، خلیق الرحمان صاحب، 23اگست، وزیر زادہ صاحب، 23اگست، محمود خان بٹنی صاحب، 23اگست، ملک شاد محمد خان صاحب، 23اگست، مسماۃ رابعہ بصری صاحبہ، 23اگست، سردار محمد زمان صاحب، 23اگست، پیر مصور خان صاحب، 23 اگست، یہ چھٹی کی درخواستیں آپ سب کو منظور ہیں؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ، میں تین پوائنٹ آف آرڈر لونگا، صرف تین پوائنٹ آف آرڈر۔ (قطع کلامی) ایک منٹ، میڈم، ایک منٹ، To the point دو منٹ کے لئے بات کریں، دو منٹ، اس لئے کہ مجھے ایجنڈا بھی چلانا ہے، ایک منٹ۔ سب سے پہلے وقار احمد خان صاحب، نہیں سب سے Last میں آپ، کیونکہ آپ سے پہلے لوگوں نے کہا تھا۔ جی وقار احمد خان صاحب۔

## رسمی کارروائی

جناب وقار احمد خان: شکریه، جناب سپیکر صاحب! ستاسو انتهائی مشکور یم چې تاسو ماله په یو اهم مسئله باندې د خبرو کولو اجازت راکړو۔ په 14 اګست باندې یو طرف ته خلقو جشن آزادی مناؤلو او زمونږه د سوات یو خاندان د واده په سلسله کښې تلے وو او واپسئ کښې د هغوی په خاندان باندې کربلا جوړه شوه۔ په یو ټرک باندې ګرنیډ بم ورګزار کړے شو او په هغې کښې دیارلس کسان شهیدان شو۔ دا انتهائی ظلم دے ، زما ستاسو په توسط د مرکزی حکومت نه او خاصکر د صوبائی حکومت نه دا خواست دے ، رابطې وزیر اعلیٰ صاحب کړې دی خو یواځې په رابطو دا خبره نه کیږی، په هغوی چې کوم قیامت راغلے دے ، پکار ده، زه دا نه وایم، په مینار پاکستان کښې زمونږ د یو خور سره کومه سانحه پیښه شوه ، هغه چې ده د هغې زه مذمت کوم خو په هغې چې میډیا تر اوسه پورې څومره لګیا ده نو دا زمونږ د دې خلقو دا وینا ولې دومره سپکه ده؟ د پښتنو چې هلته کښې دیارلس کسان د یو کور شهیدان شو، بچی، زنانه، ماشومان شهیدان شو، نه وزیر اعظم صاحب د هغې ایکشن واغستو، نه منسټر صاحب د هغې، منسټران صاحبان په نورو خبرو کښې لګیا دی، پکار دا ده چې هغې باندې فوری طور زمونږ یو کمیټی هم ده جناب سپیکر صاحب، منسټران

صاحبان ناست دی، پکار دا ده چې د دوئ وفد هلته کښې لاړ شی، د هغوی دادرسی اوکړی، هغه خلقو ته دغه ملاؤ شی، د هغوی په سر لاس کیښودلے شی۔ زمونږ خلق Already د دهشت گردئ نه متاثره دی، سوات دهشت گردئ وهلے دے، ډیر ظلم او زیاتے شوے دے، د هغوی دادرسی دې اوشی او هغوی له دې د شهداء پیکیج ورکړے شی، د هغوی سره دې رابطه اوکړے شی، زمونږ وزیر اعظم صاحب، زمونږه صوبائی منسټران صاحبان، د دې ځائې نه دې یو وفد هلته کښې لاړ شی-----

Mr. Deputy Speaker: Thank you.

جناب وقار احمد خان: ډیر ظلم شوے دے، ډیر زیاتے شوے دے او پرزور مذمت ئے کوؤ، پکار ده چې د دې تپوس اوکړے شی۔ ډیره مهربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار خان صاحب۔ اودریږئ جی، امجد صاحب! سردار خان صاحب چې خبره اوکړی بیا به تاسو اخره کښې۔ جی، سردار خان صاحب۔

جناب سردار خان: جناب سپیکر صاحب، شکریه۔ صوبه سندھ کښې په کراچئ کښې چې کوم واقعات شوی دی، وقار خان په هغې بحث اوکړو خو افسوس دے چې زمونږه دا ملک چې دے هغه د دهشت گردئ د لهر نه مونږه غواړو چې د صبر او تحمل نه کار واخلو، د دغه دهشت گردئ مخ نیوے اوشی، روک تهام ئے اوشی، مونږ ته سهولت شی او انسانی جان ته سهولت فراهم شی خو په صوبه سندھ کښې چې کوم واقعات شوی دی، دا د سوات، زما د کلی، زمونږ د خاندان سره وابسته دی، زمونږ رشته دار دی۔ افسوس دے چې د واده په خوشحالئ کښې په هغه پروګرام کښې په یو ګاډی کښې ناست دی، بیا افسوس دے چې د آزادئ 14 اګست ورځ ده او د یوماشوم په دې مخ باندې د پاکستان جهنډا او نشان، بچو او خواتین باندې یو ګرنیډ ارتول یا مواد ارتول او هغه تباه کول، هغه د پاکستان په روایاتو کښې د پښتنو او د انسانانو په روایاتو کښې نشته، زنانه ئے قتل کړې، ماشومان ئے قتل کړل، د دې مونږه بهرپور مذمت کوؤ، د دې ایوان د طرف نه، او زما یو عرض دے، مونږ سره د دې معزز ایوان رابطه قائمه کمیټی ده چې تاسو هغې له سپیشل منظوری ورکړئ او هغه د

وزیراعلیٰ سندھ سرہ ملاؤ شی او باقاعدہ پہ دې باندې غمرازی اوکړی، د هغوی کور والا سره دې وزیراعلیٰ ملاؤ شی او دا تفتیش او انکوائری اوګوری، زه بنه پوهیږم، په دې مونږ هر سړے پوهیږو چې دا انکوائری سرته نه رسی خو د دې د پاره خیبر پختونخوا حکومت یو سپیشل کمیټی جوړه کړی، عرض کوم چې تاسو حکومت ته سفارش اوکړئ او دې له جوډیشنل انکوائری کیږ دئ چې دا تحقیق اوشی چې دا ظلم چا کړے دے ؟

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: شکریہ

<u>جناب امجد علی(وزیر ہاؤسنگ)</u>: جناب سپیکر،۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: ادریږئ جی، تاسو به جواب آخر کښې ورکړئ، نګہت اورکزئی چې خبره اوکړی نو جواب به ورکړئ۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ سوات کے واقعے پر ہم سب غم زدہ ہیں لیکن میں اپنے بھائیوں کو بتانا چاہتی ہوں کہ وزیر اعلیٰ سندھ نے اس پر Already نوٹس لیا تھا، شہداء پیکج بھی ان کو مل گیا تھا، دو دو لاکھ روپیہ جو زخمی تھے ان کو بھی مل گیا تھا، اس میں ہمارے امجد صاحب وہ سوات گئے تھے، باقاعدہ وزیر اعلیٰ صاحب سے انہوں نے ملاقات کی تھی، جو ہمارے پاکستان پیپلز پارٹی کے ہیں۔ سر، میں جو بات کرنا چاہتی ہوں، میں نے ان کی اطلاع کے لئے بات کی ہے، وہاں پر وزیر اعلیٰ صاحب نے نوٹس لیا ہے۔ دوسری بات میں آپ کے اور اس ایوان کے توسط سے کرنا چاہتی ہوں کہ گریٹر اقبال پارک میں جو واقعہ ہوا ہے، دو عورتیں اپنے بچوں کے ساتھ ایک رکشہ میں جا رہی تھیں، 14 اگست کی بات کر رہی ہوں، وہاں پر ایک آدمی آیا، وہ لپک کر اس نے ایک نازیبا حرکت کی، اس طرح چار سو بندوں نے سر، ہمیں اس بات سے اور ٹک ٹاک سے مطلب نہیں ہے لیکن ایک لڑکی پر چار سو مردوں نے جس طریقے سے ان کی بے عزتی کی، میں چاہتی ہوں کہ ہم اس کی مذمت بھی کریں، پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ عورتوں کے حقوق کے لئے کام کرتی ہے اور کرتی رہے گی، میں یہاں پر صرف ایک ہی بات کروں گی کہ We need more to protect the women، آپ کو بھی میں یہ بتاؤنگی کہ آپ کے توسط سے وزیر اعلیٰ صاحب سے میں یہ بات کروں گی کہ جہاں بھی فیملی پارکس ہیں، وہاں پر Females کے علاوہ کسی مرد کو بھی نہ جانے دیا جائے تاکہ ایسی بیہودہ حرکت اور بد تمیزی کسی خاتون کے ساتھ پیش نہ آسکے کیونکہ یہ

عورتوں کا معاملہ ہے۔ جناب سپیکر صاحب، میں آپ سے درخواست کرتی ہوں کہ یہ وزیراعلیٰ صاحب کو آپ میری بات پہنچادیں، کسی بھی پارک میں خیبر پختونخوا میں وہ کر سکتے ہیں نا، باقی اگر قرارداد لانا پڑی تو ہم لے آئیں گے، پورے پاکستان میں ہونا چاہیئے، جہاں پر اگر فیملی نہیں ہے تو کسی بھی کنوارے مرد کو کسی بھی جگہ جانے کی اجازت نہ دی جائے تاکہ ایسی بیہودگی اور بدتمیزی کسی عورت کے ساتھ نہ ہو۔ تھینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ فضل حکیم صاحب اور اس کے بعد پھر ڈاکٹر امجد صاحب۔ جی، فضل حکیم صاحب۔

جناب فضل حکیم خان یوسفزئی: اَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَـٰنِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَـٰنِ الرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، د ټائم راکولو ډیره شکریه، ډیره مننه۔ واقعي د لاهور واقعه چې ده په هغې باندې هم زمونږه زړه ته ډیر دکه شوے دے او مذمت ئے کوؤ۔ د هغې سره بیا د کراچئ، څنګه چې سردار خان اووئیل، زه هغوی له تلے هم یم، د هغوی کور ته تلے یم، د هغوی سره ناست یم، د هغوی ټوله خبره ما اوریدلې ده، هغوی سره واقعي ډیر غټ ظلم شوے دے، ماشومان پکښې وو، مطلب دا چې دوه ورونړه، دوه خویندې او مور، زه تاته که په تفصیل کښې اووایم، تاسو Short اووئیل، هغه ډیر ټائم پرې لګی خو بې اندازې ظلم د سنده حکومت کښې د ننه شوے دے، پکار دا ده چې تر ننه پورې د هغې څه حل راوتلے وے ځکه چې تیره کسان په 14 اګست باندې ماشومان د سوات نه تلی وو، څه هلته د واده ټائم وو، زمونږ د آزادئ ورځ وه، نو یو داسې ورځ باندې شوې ده، زه د هغې مذمت کوم، پکار دا ده چې څنګه سردار خان اووئیل، د هغوی دې یو ټیم جوړ شی، چیف منسټر صاحب سره زه ملاؤ شوے یم، په هغې باقاعده طور باندې هلته چیف منسټر صاحب سره خبرې هم شوې دی خو دوئ ته دا پکار دی چې ایکشن پرې واخلی، مجرمان ګرفتار کړی او هغوی ته حق ورکړے شی۔ فرض کړه که د دې ځائې نه مونږه تللې شو نو هغه هم تاسو مهربانی اوکړئ د اسمبلئ د طرف نه هم تاسو په هغې باندې مهربانی اوکړئ، زما دا تجویز دے چې

د خپل طرف نه زمونږ د ټول ایوان د طرف نه په هغې باندې ایکشن واخلئ او هغوی ته تاسو لیټر او کړئ۔ شکریه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ڈاکٹر امجد۔

جناب امجد علی (وزیر ہاؤسنگ): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ دونوں معزز ایم پی ایز، سوات کے وقار خان اور سردار خان نے جو بات کی، حقیقت میں 14 اگست کو یہ افسوس ناک واقعہ کراچی میں پیش آیا، ایک ہی خاندان کے تقریباً چودہ پندرہ بندوں کا قتل عام کیا گیا۔ جناب سپیکر صاحب، بہت افسوسناک واقعہ ہے، پورے پاکستان کے لئے اور پوری امت مسلمہ کے لئے کیونکہ ایک انسان کا قتل پوری انسانیت کے قتل کے برابر ہے، یہ تو پھر بھی مسلمان تھے، ہمارے پٹھان لوگ تھے۔ جس طرح وقار خان کہہ رہے ہیں کہ وہاں پر کوئی اس طرح کے ان کو Compensate کرنا چاہیئے، نگہت بی بی نے وہاں پر کہا کہ وہاں پر پیپلز پارٹی کی حکومت ہے، پیپلز پارٹی کی حکومت نے وہاں پر ان کو Death compensation دی، نگہت بی بی کہہ رہی ہیں کہ ان کو وہاں پر یہ ملی ہے۔ جس طرح وقار خان اور سردار خان نے کہا، میرے خیال میں اگر ہماری اس طرح کی کوئی کمیٹی، بین الصوبائی رابطہ کمیٹی ہوتی ہے، اس کی اگر کوئی سٹینڈنگ کمیٹی ہے، اس کو اگر Refer کیا جائے، ان کے ساتھ رابطہ کیا جائے۔ اس کے علاوہ سی ایم صاحب نے باقاعدہ اس پر مذمتی بیان بھی دیا ہوا ہے، صوبائی حکومت سندھ حکومت کے ساتھ رابطے میں بھی ہے، ان کے ساتھ جو ملزمان ہیں، ان کو بھی پکڑا جائے، ان کو سزا بھی دی جائے، ان کو Compensate بھی کیا جائے۔ میرے خیال میں اگر یہاں پر بین الصوبائی رابطہ کمیٹی اس کی کوئی سٹینڈنگ کمیٹی ہے، اس کو اگر آپ Refer کریں، میرے خیال میں اس میں کوئی وہ نہیں ہے، اچھی بات ہے، ہم یہ سندھ حکومت کے ساتھ Tackle کریں گے، اس کا کوئی حل نکال لیں گے۔ دوسرا نگہت بی بی نے جو دوسرا کوسچن اٹھایا کہ لاہور میں پتہ نہیں کہ اقبال پارک میں، وہاں پر خواتین کے ساتھ بدتمیزی ہو گئی ہے، اس پر میں یہی کہوں گا کہ ہمارے معاشرے کا المیہ یہ ہے کہ آئے دن اس طرح کے واقعات ہوتے ہیں، کبھی خواتین کے ساتھ زیادتی ہوتی ہے، کبھی بچوں کے ساتھ زیادتی ہوتی ہے، آپ کو پتہ ہے کہ جب اس کے متعلق یہاں اسمبلی میں Bills آتے ہیں، جب ہم کہتے ہیں کہ اس کے لئے سخت سے سخت سزائیں مقرر کی جائیں تو پھر وہی لوگ اس کی مخالفت کر لیتے ہیں، لیکن جو بھی واقعہ پیش آتا ہے، چاہے وہ

خاتون کے ساتھ ہو، چاہے وہ مرد کے ساتھ ہو، اس کو ہم بالکل Condemn کرتے ہیں، اس کی مذمت کرتے ہیں، اگر یہاں اسمبلی میں کوئی Legislation اس کے لئے ہوتی ہے، ہم اپوزیشن کے ساتھ مل کر اس پر Legislation بھی لے کر آتے ہیں، اس پر Legislation لے کر آئیں، اگر یہ کوئی اس طرح کی قرارداد لے کر آتے ہیں، ہم اس کے ساتھ بالکل متفق ہیں، میرے خیال میں اگر اس پر ایک ہوم ورک کر کے اچھی سی قانون سازی کی جائے تاکہ ہمیشہ کے لئے اس کی روک تھام ہو جائے، میں Support کرتا ہوں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جس طرح انہوں نے ریکویسٹ کی، جواب کے بعد میں موقع کر رہا ہوں کہ جنہوں نے جس طرح امجد صاحب نے بات کی، سب ممبران نے ریکویسٹ کی، میرے خیال سے بین الصوبائی رابطہ کی منسٹری سی ایم صاحب کے پاس ہے، میں شوکت یوسفزئی صاحب، ڈاکٹر امجد صاحب اور ہمارے شہرام ترکئی صاحب سے، ان تینوں سے یہ ریکویسٹ کروں گا کہ آپ سی ایم صاحب کے ساتھ بیٹھیں، اس بارے میں آپ بات کریں کہ کچھ ایم پی ایز یا منسٹر جا کر وہاں سندھ گورنمنٹ کے ساتھ اور ان کے خاندان کے ساتھ اس پر بات کر سکیں۔ دوسرا جو آپ نے قرارداد کی بات کی، باقی چیزوں پر باقاعدہ قانون سازی ہوئی ہے، اپوزیشن کے، نگہت اور کزئی صاحبہ! آپ کو جو ہے اس میں باقاعدہ کوئی ریزولیوشن یا امنڈمنٹ لانا چاہیئے، اس پر آپ کام کریں۔ تھینک یو۔ Last عنایت اللہ خان صاحب۔

جناب عنایت اللہ: شکریہ جناب سپیکر صاحب، میں باہر سے جب آ رہا تھا، اسمبلی میں Enter ہو رہا تھا، اسمبلی کے Entry point پر جو چھوٹا سا پارک ہے، وہاں ڈاکٹروں کا ایک ہجوم جمع تھا، ظاہر ہے مجھے وہاں رکنا پڑا، ان کے پاس جانا پڑا، ان کی بات کو سننا پڑا، میں نے ان کے ساتھ Promise کیا کہ آپ کی بات کو اسمبلی میں اٹھاؤں گا، میں آپ کے پاس آ گیا، آپ سے ریکویسٹ کی کہ میں Point of Order پر ان کا یہ ایشو اٹھانا چاہتا ہوں، یہ کوئی 'آٹھ سو پلس' کنٹریکٹ ڈاکٹرز ہیں، وہ کہتے ہیں کہ ہمارا کنٹریکٹ ہر چھ مہینے بعد اس کی Renewal ہوتی ہے، دو تین مہینے کا وقفہ اس میں آ جاتا ہے، ڈیڑھ سال سے ہم اس تکلیف سے گزر رہے ہیں، ہم سمجھتے ہیں کہ انہوں نے سچی بات کی ہے کہ ڈاکٹرز جو ہیں وہ پورے KP کے اندر بڑی سخت ڈیوٹی کر رہے ہیں، یعنی Covid کے دوران Specially وہ بڑا اچھا Perform کر رہے ہیں، ہمارے جو Basic Health Units ہیں، RHCs ہیں، Category D hospitals ہیں،

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہاسپٹلز ہیں، Specially rural areas کے اندر، وہاں شدید کمی ہے، ڈاکٹروں کی، Human resource کی شدید کمی ہے، اس Situation کے اندر ڈاکٹرز Suffer کر رہے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ ہمارا کوئی Future نظر نہیں آرہا ہے، ہم ایک ایک Renewal کے پیچھے ذلیل ہو جاتے ہیں، ان کا مطالبہ یہ ہے کہ ان کو Regularize کیا جائے کیونکہ جو پبلک سروس کمیشن کی Through Appointments ہیں وہ بہت زیادہ وقت لیتی ہیں، اس سے پہلے بھی حکومت ایڈہاک پر transparent process ڈاکٹرز کی Recruitment کرتی رہی، ان کو Regularize کرتی رہی، بنیادی مسئلہ ان کا یہ ہے کہ حکومت ان کو Engage نہیں کر رہی ہے، حکومت ان کو Ignore کر رہی ہے، وہ Frustrated ہیں، اس وجہ سے وہ روڈ پر نکلے ہیں۔ میں حکومت سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ ان کی Regularization کے لئے Steps بھی اٹھائے اور ساتھ ساتھ ان کو Engage بھی کرے، یعنی تیمور جھگڑا صاحب ان کے منسٹر ہیں، آٹھ نو سو ڈاکٹرز ہیں، وہ ان سے وقت مانگ رہے ہیں، ان کو وقت نہیں مل رہا ہے، ان کے سیکرٹری سے ان کو وقت نہیں مل رہا ہے، آپ کی وساطت سے ہم حکومت سے ریکویسٹ کرتے ہیں کہ ان کو Engage بھی کرے، ان کے مسئلے حل ہوں، Regularization ہو یا Contract renewal ہو، جو بھی ہو، اس کے لئے Steps اٹھائے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> شہرام ترکئی صاحب، آپ تیمور جھگڑا صاحب کے ساتھ اس بات پر Discussion کریں کیونکہ وہ خود موجود نہیں ہیں لیکن اگر آپ کچھ Respond کرنا چاہتے ہیں۔

<u>جناب شہرام خان (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم):</u> شکریہ جناب سپیکر! عنایت خان میرے بھائی نے جو بات کی ہے، بالکل Genuine ہے کہ ڈاکٹرز کا ویسے بھی Hiring process اور یہ سارا بڑا لمبا چکر ہوتا ہے، ہم نے پچھلی گورنمنٹ میں بھی، یہ عنایت خان صاحب ادھر ہی تھے، ہمارے ساتھ ہی تھے، ہم نے Hire کئے، ہم نے پھر ان کو بعد میں Regularize کیا کیونکہ ہماری اپنی ضرورت تھی، ان کا شاید اس نوکری کی اتنی ضرورت ہو یا نہ ہو لیکن سارے سٹاف نے اور پھر Covid میں جس طرح عنایت خان نے کہا کہ کافی انہوں نے محنت کی ہے، بہر حال Point well noted, I will، میں ان شاء اللہ تیمور سے بات کرلونگا، Genuine ہے، So, we look into it, thank you.

## مسئلہ استحقاق

Mr. Deputy Speaker: Thank you. Item No. 5: Privilege motion No. 152, Janab Arbab Jehandad Sahib, lapsed. Privilege motion No. 155, Janab Nisar Ahmad Khan Sahib. Nisar Ahmad Khan Sahib.

نثار صاحب، آپ اپنی سیٹ پر بیٹھ جائیں، آپ بچوں کی طرح پوری اسمبلی میں پھرتے ہیں۔

جناب نثار احمد: شکریہ جناب سپیکر صاحب، ډیره مننه۔

میں اس معزز ایوان کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ چند دن پہلے ضلع مہمند کے مختلف سکولز اور کالجز کے لئے کیمیکلز لائے گئے تھے جو کہ چاندہ گرلز کالج میں سٹور کئے گئے تھے، کروڑوں روپے کا یہ سامان جل کر راکھ ہوا۔ اس حوالے سے میں نے ڈی ای او سلطان خان کے ساتھ رابطہ کیا، اس حوالے سے پوچھا کہ اس کی انکوائری ہوئی ہے کہ نہیں؟ اس نے مجھے کہا کہ میں اس کا ذمہ دار نہیں ہوں، جب اس کا ٹینڈر ہوا تو اس وقت میں نے چارج نہیں لیا تھا، یہ آپ کا کام نہیں ہے، نہایت ہی آمرانہ اور تلخ رویہ استعمال کیا، میری کسی بھی بات کا سیدھی طرح جواب نہیں دیا اور کہا کہ میں آپ کو جواب دہ نہیں ہوں۔ جناب سپیکر، ڈی ای او مہمند کے اس رویئے پر نہ صرف میرا بلکہ اس پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے، لہذا ڈی ای او مہمند کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے۔ شکریہ جی۔

Mr. Deputy Speaker: Concerned Minister, to respond.

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: جناب سپیکر، شکریہ۔ نثار خان صاحب نے پریویلج موشن Move کی ہے، Normally ہم کوشش کرتے ہیں کہ یہاں پر ایشورنس دلائی جائے، ان کے ساتھ بیٹھ کر ان کا مسئلہ حل کیا جائے، انسان ہے، آگے پیچھے ہو جاتا ہے لیکن اگر یہ Insist کرتے ہیں تو مجھے کوئی مسئلہ نہیں۔ میں پھر ایک دفعہ ریکویسٹ کرتا ہوں، اگر یہ چاہیں میں ان کو ان کے ساتھ بیٹھا کر ان کا مسئلہ حل کر دوں تو زیادہ مناسب ہے، اگر پھر یہ Agree نہیں کرتے تو پریویلج موشن کمیٹی میں چلا جائے، بہر حال میں ریکویسٹ کرتا ہوں، اگر ان کو مناسب لگے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نثار محمد خان صاحب۔

جناب نثار احمد: جناب سپیکر صاحب، دا منسټر صاحب ډیره ښه خبره اوکړه خو د دې اسمبلئ، د دې ایوان د ممبر عزت، احترام او لاج ساتل هم د دې اسمبلئ او د دې ټولو دا لازمی دی، زه غواړم چې دا استحقاق کمیټئ ته لاړ شی، پریویلج

کمیټئ ته لاړ شی، لهذا د ده نه به پوره معلومات اوشی ځکه چې دلته ډیر لوئې تاوان شوے دے او د دې سره سره د دې کس پوسټنګ چې دے، چونکه هلته د ټیچرانو په حواله باندې او دې مهمند دے، هلته ده ډیر زیات مسائل جوړ کړی دی نو لهذا دا ټول مسائل به بیا په کمیټئ کښې ډسکس شی۔ ډیره مننه، تهینک یو۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جی شہرام خان، میں Put کرتا ہوں۔

<u>وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم:</u> ایم پی اے صاحب کہہ رہے ہیں تو پھر ٹھیک ہے۔

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> Is it the desire of the House that the privilege motion No. 155, moved by the honourable Member, may be referred to the Committee concerned? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> The ‘Ayes’ have it. The privilege motion is referred to the concerned Committee.

## توجہ دلاؤ نوٹس ہا

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> Item No.7: Mr. Khushdil Khan, MPA, to please move his call attention notice No. 1980.

<u>جناب خوشدل خان (ایڈوکیٹ):</u> شکریہ جناب سپیکر، میں وزیر برائے محکمہ صحت کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ بار بار Ruling اور ہدایات کے باوجود محکمہ صحت ضلع بنوں میں مختلف کوٹے پر بھرتیوں پر عمل درآمد نہیں کر رہا ہے، سال 2013ء سے مرحوم معمور علی شاہ، چیف کلینکل ٹیکنیشن فارمیسی کے بیٹے کو Deceased Sons` quota پر بھرتی نہیں کیا گیا، ان کو بتایا جاتا ہے کہ جب تک اعلیٰ حکام یعنی مجاز اتھارٹی پیسے نہیں دیں گے، اس وقت تک آپ کی بھرتی ممکن نہیں ہے۔

جناب سپیکر! یہ آپ سب کو معلوم ہے کہ Deceased Sons کا کوٹہ جو ہے یہ Rule 10 sub rule (4) of the Khyber Pakhtunkhwa, Appointment, Promotion, Transfer Rules, 1989 کے تحت ہوتا ہے، اس میں بہت Clear لکھا گیا ہے کہ One of the government employee who has died during his service، آپ ان کے بچوں میں سے ایک بچہ Irrespective of، نہ اس میں انٹرویو ہوتا ہے، نہ اس میں ایڈورٹائزمنٹ ہوتی ہے،

نہ اس میں کوئی اور Formality ہوتی ہے، جب پوسٹ خالی ہو، اس میں یہ بھی ہے کہ اگر ایک بچے کا یا ایک آدمی چوکیدار ہو، اس کا بیٹا Suitable اگر ہو، اس کے پاس Qualification ہو، جونیئر کلرک کی پوسٹ خالی ہے، اس کے مطابق آپ ان کو بھی لے سکتے ہیں۔ آپ اندازہ لگالیں، اس بچے کا والد 26-07-2013 کو فوت ہوا، ابھی تک کتنا عرصہ ہو گیا، He is fully qualified، ابھی تک ان کو پوسٹ نہیں دی گئی ہے۔ یہ کال اٹینشن ہے، حکومت مجھے وہ جواب دے کہ ان کا کیوں نہیں ہوا ہے، اس Rule کی کیوں Violation کر رہی ہے؟ کیونکہ اس میں کوٹہ بھی نہیں ہوتا ہے، اب Retired employees son کا کوٹہ ہوتا ہے کیونکہ وہ کلاس فور ہوتے ہیں لیکن اس میں یہاں یہ چیز نہیں ہے، یہاں پر کوٹہ نہیں، یہاں پر Hundred percent ان کی Appointment اس پر ہوتی ہے، یہ مجھے ذرا بتادیں، اس بچے کے ساتھ کیوں ظلم ہو رہا ہے؟

Mr. Deputy Speaker: Concerned Minister, to respond.

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وافرادی قوت): جناب سپیکر صاحب، منسٹر ہیں نہیں، اگر یہ کہتے ہیں کہ اس کو کمیٹی میں بھیجا جائے تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہوگا کیونکہ کسی کے ساتھ زیادتی نہیں ہونی چاہیئے، نہ ہم ہونے دینگے۔ اگر یہ سمجھتے ہیں کہ ان کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے، یہ جو Suggest کریں گے، میں ان شاء اللہ ان کی Help کرونگا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کمیٹی میں بھیج دوں؟

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر، اس کو اگر کمیٹی میں بھیج دیں تاکہ ہم دیکھیں کہ ابھی تک ان کو Ignore کر رہے ہیں، میری یہ عرض ہے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: وہ کہہ رہے ہیں کہ آپ کمیٹی میں ریکویسٹ کریں، کمیٹی کے لئے بھیجنا چاہتے ہیں۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: ہاں، میں یہ ریکویسٹ کرونگا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، میں Put کرتا ہوں۔

Is it the desire of the House that the call attention notice No.1980, moved by the honourable Member, may be referred to the Committee concerned? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The call attention notice No.1980 is referred to the concerned Committee. Mr. Waqar Ahmad Khan, MPA, to please move his call attention notice No. 2020.

جناب وقار احمد خان: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ میں وزیر برائے محکمہ بلدیات کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ ضلعی انتظامیہ سوات نے عوام کے ساتھ ظالمانہ رویہ اختیار کیا ہوا ہے، لوگوں کی ذاتی جائیدادوں اور بلڈنگز کو بے دردی کے ساتھ گرا کر ان پر قبضہ کرنا چاہتی ہے، مذکورہ ہوٹلز اور بلڈنگز ایک دن میں نہیں بنے اور نہ یہ بلڈنگز ایسی زمین کے مالکان نے بنائی ہیں، بلکہ ان زمینوں میں اکثریت باقاعدہ ریونیو ریکارڈ کے مطابق خریدی ہوئی ہیں جو قانونی طریقے سے خرید کر ان پر کاروباری سرگرمیاں جاری تھیں لیکن راتوں رات ضلعی انتظامیہ نے بغیر کوئی نوٹس کے کروڑوں، اربوں روپوں کے کاروباری اثاثے گرائے جس پر ہزاروں لوگوں کے خاندانوں کا انحصار تھا، ہم تجاوزات کے حق میں نہیں ہیں لیکن کم از کم اس مسئلے کو مزید روکا جائے، ریونیو ریکارڈ کے مطابق زمینوں اور بلڈنگز کے مالکان کو باقاعدہ نوٹس دیا جائے، جن لوگوں کے پاس قانونی دستاوزات موجود ہیں، ان کو مارکیٹ ریٹ کے مطابق معاوضہ دیا جائے۔

جناب سپیکر صاحب، دا واقعه څو ورځې مخکښې راغلې وه، زه د تجاوزاتو په حق کښې قطعی داسې نه یم خو چونکه زمونږه دریائے سوات چې د ے هغه په 2010ء کښې سیلاب راغلے دے او د هغې نه وروستو د خلقو زمکې ئے هم رالاندې کړې دی، زما ستاسو په توسط حکومت ته خواست دے چې ریونیو ډیپارټمنټ اول حد بندی اوکړی او چې حد بندی اوکړی، یره دا د دریا حصه ده او دا د خلقو جائیداد دے، د هغې نه وروستو که فرض کړه چا تجاوزرات کړی دی، پکار ده چې هغوی ته نوټس ملاؤ شی، نوټس ورله ورکړی، څه وخت ورله ورکړی، نه د آګاهی مهم شته، نه دغه شته، بس چې زړه کښې ئے راشی، په کوم طرف چې لاړ شی، ځوک عاجزانان غرق کړی، ځوک تباه کړی، زما ستاسو په توسط حکومت ته دا خواست دے چې داسې کار اوکړی، اول خو پکار ده چې آګاهی مهم اوچلوی، اول نه دې حد بندی مقرر کړی چې حدبندی دا ده، دا د عوامو حصه ده، دا جائیداد که شاملات وی نو چې کوم

شاملات چا رالاندې کړے وی نو پکار ده چې هغوی ته نوټس ورکړے شی او هغوی ته اووائی چې ستاسو دغه بلډنګونه به غورځیږی، خلقو په کروړونو او په اربونو روپئ او بل طرف ته مونږه دهشت ګردئ وهلی یو او سیلاب وهلی یو، بل طرف ته داسې واقعات راشی، هلته کښې بل طرف ته Covid دے، ډیر ظلم زیاتے دے، ستاسو په توسط حکومت ته خواست دے چې داسې قسم واقعاتو مخ نیوے اوکړے شی او د دې څه حل رااوښکلے شی۔ ډیره مهربانی۔

Mr. Deputy Speaker: Concerned Minister, to respond.

جناب امجد علی (وزیر ہاؤسنگ): شکریه جناب سپیکر صاحب، د وقار خان چې کوم کال اټینشن دے، یو خو Specific دوئ وائی چې یره سیند باندې کومې آبادئ وی، کوم Encroachments وو، هغه ارتاؤ شوی دی، یو خو د هغې مطابق زه دا Clarification کوم چې دا د صوبائی ګورنمنټ په حکم باندې نه وو، دا Encroachments نه وو لرې شوی، د عدالت په حکم د پشاور هائی کورټ په حکم باندې دا Encroachment لرې شوی وو۔ دویمه خبره دا ده چې د ریونیو ریکارډ مطابق دوئ چې کومه خبره کوی، دا بالکل ټهیک ده، مونږه دلته ریونیو ډیپارټمنټ ته اول ډائریکشنز ورکوؤ چې هغه دې باقاعده حد براری اوکړی، د سیند، جائیداد او د شاملاتو، جناب سپیکر صاحب! دلته د ریونیو د ډیپارټمنټ مطابق دوه خسرې وې، یو د شاملاتو وه یو د سیند خسره وه، د سیند په خسره کښې په هغې کښې آبادی نه شی کیدے، هغه باقاعده د هغې حد براری ایری ګیشن ډیپارټمنټ باقاعده کړې ده، هغه Dangerous وی، هغه Flood affected area وی، د هغې وجې نه هلته کښې آبادی نه شی کیدے۔ زما چې کوم خیال دے، ولې دوئ دا Mention کړی دی، وقار صاحب، فرض کړه که دوئ Mention کړے وے نو ما به Specific د هغې دوئ ته هغه Specifically جواب ورکړے وو خو په دیکښېMain وجه دا ده چې کوم هوټل وی یا چې کوم وران شوے وی، دا تقریباً 35 هوټلې وے، په دیکښې 29 هوټلې چې دی، هغه د کورټ آرډر باندې Demolished شوی دی، شپږ چې دی هغوی بیا په Upper court کښې Stay اغستې ده نو هغه اوسه پورې ولاړ دی، دا چې کوم 29 بلډنګز وو، دې ته

باقاعده د مئی په میاشت کښې د کورټ د طرف نه نوټس ورکړے شوے وو، چونکه Covid وو، د Covid د وجې نه ایډمنسټریشن ډیپارټمنټ بیا هغه شان ایکشن نه شو اغستے، نو چې کله Covid ختم شو، جون یا د جولائی Mid کښې یا د جون Mid کښې، بیا په هغې باندې ایکشن واغستے شو او باقاعده د کورټ آرډر چې دے هغه Obey شو۔ د دوئ سوال د کال اټینشن دویم (جز) چې دے د هغې سره زه متفق یم چې باقاعده د ریونیو ډیپارټمنټ هلته کښې حد براری اوکړی، کوم ځائې چې خلق Mention کړی، یره دا د سیند خسره ده، دا شاملات دے، دلته آبادی کیدے شی، دلته کښې نه شی کیدے، نو که کوم ځائې کښې د ریونیو ډیپارټمنټ غلطی کړی وی او خلقو ته ئے د سیند خسره یا هغه شاملات انتقال کړی وی نو هغه بیا د ریونیو ډیپارټمنټ ګناه ده او بیا د هغوی نه باقاعده باز پرس هم پکار دے، د اسمبلئ په فلور باندې وایم چې د هغه خلقو سره کوم زیاتے شوے دے، هغه دې Compensate کړی، زه پوهه شوم، دا د کورټ آرډر باندې چې کوم بلډنګز Demolished شوی وو، د هغې خبره که کوی نو هغه د کورټ آرډرز وو، د هغې مطابق هغه Demolish شوی دی۔ دویم بالکل مونږ په دې باندې سی ایم صاحب Clear cut د دې اسمبلئ په فلور باندې د بجټ اجلاس په سپیچ کښې وئیلی دی که Encroachment هر څوک کوی، که په دې ایوان کښې ناست دا ممبران ئے کوی، د دې نه علاوه قبضه مافیا ئے کوی، لینډ مافیا ئے کوی نو د هغه Encroachment مونږ خلاف یو، هغه Encroachment به بالکل لرې کیږی، زما پخپله باندې چې کله د شمو زو روډ Wide کیدو، زما د نیکه چې کومه هجره وه، هغه په 1950 کښې جوړه کړې وه، هغه په هغې کښې نیمه راغلې ده، بالکل Encroachment وو، ګورنمنټ ته ضرورت وو، نو مونږه هغه د ګورنمنټ چې کومه پالیسی ده، د هغې په تحت باندې به ان شاءالله عمل کوؤ او Clear message دے چې یره که کوم ځائې کښې Encroachment وی، البته د پاکستان عدالتونه شته، ادارې شته، که چاته څه اعتراض وی چې یره د هغوی سره زیاتے شوے دے نو مونږ ته هم راتلے شی او هغه ادارو ته هم تلے

شی، ان شاءاللہ د هغوی مسئله به حل کیږی او هغه به Compensate کیږی هم۔
شکریه۔

Mr. Deputy Speaker: Thank you. Item No. 8, 11 and 12 are deferred due to the non presence of the Minister concerned.

## مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخواد کانات اور ادارہ جات مجریہ 2021 کا زیر غور لایا جانا

Mr. Deputy Speaker: Item No 9: Honourable Minister for Labour, to please move that the Khyber Pakhtunkwa, Shops and Establishments (Amendment) Bill, 2021 may be taken into consideration at once.

Mr. Shaukat Ali Yousafzai (Minster for Labour): Thank you, Mr. Speaker. I wish to move that the Khyber Pakhtunkwa, Shops and Establishments (Amendment) Bill, 2021 may be taken into consideration at once.

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that Khyber Pakhtunkwa, Shops and Establishments (Amendment) Bill, 2021 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it.

میڈم! آپ نے سنا نہیں، میں نے پہلے سے کہہ دیا، پہلے کان کھولیں، میں نے نمبر پہلے کہہ دیا تھا، 8, 11 and 12 میں نے کہہ دیا ہے، وہ Defer ہو گئے ہیں، Minister concerned نہیں ہے، وہ Defer ہو گئے ہیں، اس لئے میں کہہ رہا ہوں، آپ توجہ سے سنیں، باقی سب کو سمجھ آ رہی ہے، صرف آپ کو سمجھ نہیں آ رہی ہے۔

Since no amendment has been proposed by any honourable Member in Clauses 1 and 2 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 1 and 2 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 1 and 2 stand part of the Bill. Amendment in Clause 3 of the Bill: Ms. Naeema

Kishwar Khan, MPA, to please move her amendment in Clause 3 of the Bill.

Ms. Naeema Kishwar Khan: Thanks. I move that in Clause 3, in paragraph (b), in the proposed sub clause (5), after the word and comma "residence," the word "and provision of separate washrooms, day care and first aid" may be inserted.

جناب سپیکر صاحب، میں تھوڑی سی بات کرونگی۔ سب سے پہلے اہم چیز اس میں یہ ہے کہ ہم Labour law میں Shops کے حوالے سے امنڈمنٹ لارہے ہیں، میں ایک اہم چیز اس حوالے سے منسٹر صاحب کے نوٹس میں لانا چاہ رہی ہوں، اگر منسٹر صاحب تھوڑی سی توجہ دیں۔ یہ ہماری ریلوے جو ہے، اس میں Shops آتے ہیں لیکن وہ اس کی Territory جو ہے وہ ہمارا صوبہ اس کو Hold کر رہا ہے، ہمارا Law اس پر وہ Implement نہیں کر رہا، میری ریکویسٹ ہو گی کہ اس کو بھی Extend کیا جائے، ہمارا جو Labour law ہے، اس کو بھی Implement کیا جائے، ٹھیک ہے، ریلوے اس کو Deal کر رہی ہے، وفاق اس کو Deal کر رہا ہے لیکن جو Labour law ہے وہ تو ہمارے Territory میں ہے، صوبائی Territory میں آرہا ہے، Labour law ہمارا اس پر Implement ہو گا اور اس پر Implement نہیں ہو رہا، اس کو Extend ہونا چاہیئے، Already یہ لوگ امنڈمنٹ لارہے تھے، اگر اس میں یہ لوگ امنڈمنٹ لے آتے، میرے خیال میں یہ بہتر ہوتا۔ دوسرا میں نے یہاں پر امنڈمنٹ Move کی ہے کہ جو لوگ اب امنڈمنٹ کر رہے ہیں کہ سات بجے کے بعد بھی خواتین کو اجازت ہو گی کہ وہ چاہیں تو وہ کام کر سکتی ہیں، اگر آپ ان کو لیٹ ٹائم کام کرنے کی اجازت دیتے ہیں تو آپ جس طرح دیکھتے ہیں کہ کس قسم کی سیکورٹی کے حالات خواتین کے ساتھ آ رہے ہیں، ان کا ایک Percentage ہے، اگر Five percent یا Ten percent اتنی خواتین کسی جگہ پر کام کرتی ہیں تو ادھر واش روم کی سہولت ہونی چاہیئے، میری گورنمنٹ سے ریکویسٹ ہو گی کہ اگر کسی آفس میں، کسی محکمے میں ایک بھی خاتون کام کرتی ہے تو ادھر ان کے لئے Separate wash room کم از کم ہونا چاہیئے کیونکہ بہت ضروری ہے، بہت سارے مسائل ان کے آتے ہیں، میری ریکویسٹ ہو گی کہ منسٹر صاحب اس پر کام کریں۔ دوسرا First aid کیونکہ بہت سارے مسائل ہیلتھ کے حوالے سے بھی آتے ہیں، اگر آپ رات کو بھی کام کرنا چاہتے ہیں تو پھر اس کو First aid کی سہولت بھی ہونی چاہیئے، میری ریکویسٹ ہو گی کہ ان چیزوں پر گورنمنٹ توجہ دے۔ تھینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، منسٹر صاحب۔

وزیر محنت وافرادی قوت: جناب سپیکر صاحب، یہ پہلے بھی میں نے، اس دن جب اسمبلی اجلاس ہو رہا تھا، اس میں بھی میں نے ریکویسٹ کی تھی، دیکھیں جو ہماری انڈسٹریل اسٹیٹس ہیں، جہاں پر انڈسٹری لگی ہوئی ہے، وہاں پر اس قسم کی سہولت موجود ہے، اگر بڑے پلازے ہیں، ان کے اندر بھی آپ کو پتہ ہے کہ اس طرح کی Facilities موجود ہیں، ہم کہہ بھی سکتے ہیں کہ وہاں پر موجود ہونی چاہیئے، اگر آپ ایک دکان کی بات کرتے کہ دکان میں بھی واش روم ہو تو پھر بڑا مشکل ہو جائے گا، میں نے ان سے یہ ریکویسٹ کی تھی کہ یہ ضرور ہو سکتا ہے، میں نے اپنے ڈیپارٹمنٹ سے بھی کہا ہے کہ جو بڑے بازار ہیں، ان کی جو ایسوسی ایشنز ہیں، ان کے ساتھ مل کر کوئی جگہ مختص کرلیں ورنہ ایک ایک دکان میں واش روم بنانا، یہ بہت مشکل ہو جائے گا۔ پھر ہمارا یہ کلچر بھی نہیں ہے کہ ہمارے ہاں بہت کم خواتین جو چھوٹی دکانوں پر تو کام نہیں ہوتا ہے لیکن جو بڑی دکانیں ہیں، جہاں پر پلازے ہیں، وہاں بالکل ہو گا، اس کے ساتھ میں اتفاق کرتا ہوں لیکن یہ جو امنڈمنٹ ہے، یہ Totally shops کے حوالے سے ہے، میں کہتا ہوں کہ جو کمرشل ہے، بالکل اس کے ساتھ میں اتفاق کرتا ہوں، وہ Already covered ہے اور جو انڈسٹریل ایکٹ ہے، اس کے اندر Covered ہے، یہ جو امنڈمنٹ ہے سر، میں اس لئے Support نہیں کر سکتا کہ اس طرح پھر ساری دکانیں بند ہو جائیں گی، پھر ہر دکان میں ایک واش روم کھلے گا، اس کے بعد پھر وہ نہیں چلے گا۔ ہم نے قانون بنانا ہے اس لئے کہ وہ Implement ہو سکے، ہم تو ویسے ہی بناتے ہیں تو پھر اس کا فائدہ نہیں ہو گا، اس کا Misuse ہو گا۔ میری ان سے ریکویسٹ ہے کہ Already آپ چاہتی ہیں کہ وہ Covered ہے، انڈسٹریل اسٹیٹ کے اندر بھی Covered ہے اور جو بڑے بڑے پلازے ہیں، ان کے اندر بھی Covered ہے، اگر نہیں تو پھر ہم اس کو Implement کریں گے۔ یہ جو آپ نے Specific لائی ہے، یہ اس میں آپ نے Shops وغیرہ ڈالی ہیں، میری ریکویسٹ ہو گی، یہ ضرور ہو سکتا ہے کہ میں اپنے ڈیپارٹمنٹ کو Instructions دے چکا ہوں کہ یہ نہیں ہو سکتا، ہو سکتا ہے کہ کوئی خاتون ایک دکان میں بھی کام کرے، اس کو ہم نے Facilitate کرنا ہے، اس طرح ہو سکتا ہے کہ ہم پورے بازار کی جو وہاں پر ایسوسی ایشن ہے، ان سے ریکویسٹ کریں کہ ایک جگہ مختص کر دے، وہاں واش روم بنائے، گورنمنٹ بنا

لے گی لیکن جگہ انہوں نے دینی ہوتی ہے، میری یہ ریکویسٹ ہے، اس لئے میں نے اس کی مخالفت کی ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی، میڈم۔

<u>محترمہ نعیمہ کشور خان</u>: ٹھیک ہے، میں توجہ دلانا چاہ رہی تھی کہ یہ میرا جو دوسرا ایشو تھا، اس پر منسٹر صاحب نے Address نہیں کیا کہ جو ریلوے کی Shops ہیں، اس حوالے سے یہ ہے، میں ایک دکان کی بات نہیں کر رہی، میں مارکیٹ کی بات کر رہی ہوں، اس میں ہم صرف ایک کے لئے یہ قانون سازی نہیں کر رہی ہے، یہ Shops کے لئے ہے، یہ ایک Shop کی نہیں، یہ Shops اور جو مارکیٹیں ہوتی ہیں، بڑی بڑی جو Shops ہوتی ہیں، اگر یہ مجھے جواب دے دیتے تو میرے خیال میں اور بہتر ہوتا، یہ Already ایک Bill ٹیبل کر چکے ہیں، سوشل سیکورٹی کے حوالے سے ہے، میرے خیال میں اگر ان کے ذہن میں ہوتا تو ان میں یہ چیزیں ہیں، اس لئے میں اس کو Press نہیں کروں گی کہ سوشل سیکورٹی کے حوالے سے ان کا ایک Bill آ رہا ہے، اس میں تھوڑی بہت یہ چیزیں Address ہیں، میری ریکویسٹ ان کو یہ ہے کہ جو ریلوے کی Shops ہیں، ان کو بھی Labour law کے حوالے سے لایا جائے کیونکہ اس کو یہ Law cover نہیں کر رہا، ہمارا جو صوبائی لاء ہے، اس کو Cover نہیں کر رہا۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: آپ Withdraw کر رہی ہیں؟

<u>محترمہ نعیمہ کشور خان</u>: جی؟

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: Withdraw کر رہی ہیں؟

<u>محترمہ نعیمہ کشور خان</u>: ٹھیک ہے، Withdraw کرتی ہوں۔

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: Now the question before the House is that the original Clause 3 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> The 'Ayes' have it. The original Clause 3 stands part of the Bill. Clause 4 of the Bill: Since no amendment has been proposed by any honourable Member in Clause 4 of the Bill, therefore, the question before the House is that that Clause 4

may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. Clause 4 stands part of the Bill. Preamble and long title also stand part of the Bill.

## مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخواد کانات اور ادارہ جات مجریہ 2021 کا پاس کیا جانا

Mr. Deputy Speaker: Passage Stage: Honorable Minister for Labour, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa, Shops and Establishments (Amendment) Bill, 2021 may be passed.

Mr. Shaukat Ali Yousafzai (Minister for Labour): Thank you. I wish to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Shops and Establishments (Amendment) Bill, 2021 may be passed.

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Shops and Establishments (Amendment) Bill, 2021 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

## مجلس قائمہ نمبر 8 برائے اعلیٰ تعلیم، دستاویزات و کتب خانہ کی رپورٹ کی مدت میں توسیع کیلئے تحریک کا پیش کیا جانا

Mr. Deputy Speaker: Item No 13: Ms. Asia Saleh Khattak, MPA. member Standing Committee No. 8, on Higher Education, Archives and Libraries, to please move for the time period extension, under sub rule (1) of rule 185, to present report of the Committee in the House.

Ms. Asia Saleh Khattak: On behalf of Chairperson, I wish to move under the sub rule (1) of rule 185 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, that the time for the presentation of the report of the Standing Committee No. 8, on Higher Education, Archives and Libraries may be extended till date and I may be allowed to present the report in the House.

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the time period extension may be granted to present the report of the

Committee in the House? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it.

مجلس قائمہ نمبر 8 برائے محکمہ اعلیٰ تعلیم، دستاویزات و کتب خانہ کی رپورٹ کا پیش کیا جانا

Mr. Deputy Speaker: Item No. 14: Ms. Asia Saleh Khattak, MPA, member, Standing Committee No. 8, on Higher Education, Archive and Libraries, to please present the report of the Committee in the House.

Ms. Asia Saleh Khattak: On behalf of the Chairperson, I wish to present the report of the Standing Committee No. 8, on Higher Education, Archive and Libraries, in the House

Mr. Deputy Speaker: It stands presented.

مجلس قائمہ نمبر 8 برائے محکمہ اعلیٰ تعلیم، دستاویزات و کتب خانہ کی رپورٹ کا پاس کیا جانا

Mr. Deputy Speaker: Item No. 15: Ms. Asia Saleh Khattak, MPA, member, Standing Committee No. 8, on Higher Education, Archive and Libraries, to please move for adaptation of the report in the House.

Ms. Asia Saleh Khattak: On behalf of the Chairperson, I wish to move that the report of the Standing Committee No. 8, on Higher Education, Archives and Libraries may be adopted.

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the report of the Standing Committee No. 8, on Higher Education, Archives and Libraries may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The report is adopted.

تحریک التواء نمبر 331 پر بحث

Mr. Deputy Speaker: Item No. 16: Mr. Inayatullah Khan, MPA, to please start discussion on adjournment motion No. 331, under rule 73 of the Provincial Assembly Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988.

جناب عنایت اللہ: شکریہ، جناب سپیکر۔۔۔۔۔

(عصر کی اذان)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جی، عنایت اللہ خان صاحب۔

<u>جناب عنایت اللہ:</u> جناب سپیکر صاحب، یہ جو ایڈجرنمنٹ موشن تھی، یہ مشرق اخبار کے اندر خبر بھی چھپی تھی، اس میں ایک اداریہ بھی لکھا گیا تھا، میرے لئے تشویش کی بات یہ ہے کہ آئس کے بعد ایک نیا نام مارکیٹ میں آگیا، جو نام اس کے لئے لکھا گیا ہے وہ Basically اس کے Ingredients ہیں، اس کا کوئی Scientific نام نہیں ہے، یہ جو Slang ہوتی ہے، یہ جو گلی کوچوں کے اندر Language ہوتی ہے، اس میں اس نشہ آور چیز کو "دس ویلر" کا نام دیا گیا ہے لیکن میرے لئے جو بات Important ہے وہ یہ Pattern ہے کہ جس انداز سے نشہ والے مواد کی نئی نئی چیزیں مارکیٹ میں آرہی ہیں، کبھی آئس کے نام سے، کبھی دس ویلر کے نام سے، کبھی ہم سنتے ہیں کہ بچوں کو بازاروں کے اندر Sweets دیئے جاتے ہیں، Sweets کے اندر بھی وہ نشہ کے مواد ہوتے ہیں، کبھی کبھی دوائیوں کے اندر بھی یہ چیز ہو جاتی ہے۔ جناب سپیکر صاحب، یہ وہ بنیادی چیز ہے جو ہماری سوسائٹی کے لئے بہت بڑی تشویش ہے، میں آپ کے ساتھ یہ Figures share کرنا چاہوں گا کہ ہمارے ہاں کوئی نئے Statistics available نہیں ہیں، مجھے Google پر Statistics ملے ہیں وہ 2013ء کے ہیں، UN کے ہیں، اس کے مطابق پاکستان کے اندر چھ ملین سے زیادہ لوگ Drug users ہیں، کوئی 40 ملین وہ Drug addicts ہیں لیکن ہمارے لئے Alarming بات یہ ہے کہ خیبر پختونخوا کے اندر باقی صوبوں سے Drug addicts وہ زیادہ ہیں، یعنی خیبر پختونخوا کے اندر دس فیصد ہیں، پورے پاکستان کے دس فیصد خیبر پختونخوا کے اندر ہیں، 4.3 فیصد باقی صوبوں کے اندر ہیں، دس فیصد وہ خیبر پختونخوا کے اندر ہیں، بدقسمتی یہ ہے کہ اس صوبے کے اندر جو Latest figures ہیں وہ Available بھی نہیں ہیں، یعنی اس کا مطلب یہ ہے کہ ہمارے ہاں اس کا کوئی ریکارڈ نہیں رکھا جاتا، اس کے لئے کوئی Scientific studies نہیں ہوتی ہیں، یہ Trends جو ہیں وہ نہیں دیکھے جاتے ہیں، یہ وہ چیز ہے کہ جس پر غور کرنے کی ضرورت ہے، Drug users جو ہیں، Drugs addicts جو ہیں، ان کا اضافہ ہوتا جا رہا ہے، نئے نام مارکیٹ کے اندر آرہے ہیں، حالانکہ ہمارے ہاں تین ایجنسیز اس چیز کو Handle کرتی ہیں، ANF اس کو Handle کرتی ہے، ایکسائز ڈیپارٹمنٹ اس کو Handle کرتا ہے، پولیس ڈیپارٹمنٹ اس کو Handle کرتا ہے، یعنی کبھی کبھی بات

سمجھ میں آتی ہے کہ یہ جو تین ڈیپارٹمنٹس ہیں، انہی کی وجہ سے یہ معاملہ بگڑا ہوا ہے، یعنی تین ملاؤں میں مرغی حرام کا مسئلہ ہے، کوئی ایک ڈیپارٹمنٹ Exclusively اس کے لئے نہیں ہے کہ وہ یہ کام کر سکے، تینوں ڈیپارٹمنٹس کے اندر چیزیں تقسیم ہیں ایک لحاظ سے، ایک وقت میں ان کے درمیان اختیارات کا جھگڑا بھی رہا، اس وجہ سے اس پر Effective control نہیں ہو رہا ہے، ہمارے نوجوان بچے وہ مسلسل نشوں کا شکار ہوتے جارہے ہیں، ہماری سوسائٹی کے اندر ایک ایسا طبقہ بھی ہے، دیکھیں ہم اس پشاور کے اندر گھومتے پھرتے ہیں، ہیروئن پہلے سے ایک لعنت کے طور پر موجود ہے، اب یہ نئے نشے سامنے آرہے ہیں، اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ Legal side پر یہ تین ڈیپاٹمنٹس ہیں، اس پر حکومت کو غور کرنا چاہیئے، کیا اس کے اندر Overlapping ہے، کیا تین ڈیپارٹمنٹس اور تین Executing agencies اور تین Implementing forces کے نتیجے میں کوئی مسئلہ نہیں ہے؟ پھر یہ جو ہمارے ہاں Entry points ہیں، یہ تو ہم کہا کرتے تھے کہ جو سابقہ قبائلی اضلاع کے بارے میں کہا کرتے تھے کہ یہ No go areas ہیں، اس میں جو Law کا Writ ہے وہ Extended نہیں، پولیس کا Writ نہیں ہے، اب تو وہ پورا خیبر پختونخوا بن چکا ہے، اب ہم کیوں کہتے ہیں کہ خیبر ایجنسی سے یہ آرہے ہیں؟ اب وہاں پولیس کا اور گورنمنٹ کا Writ ہونا چاہیئے۔ میں دوسری بات یہ کہنا چاہتا ہوں کہ حکومت اس پر Focus کرے۔ جناب سپیکر صاحب، تیسری بات میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جو صوبے کے اندر Drug addicts کے لئے بحالی کے مراکز ہیں، وہ مراکز جو Non Government Organizations چلا رہے ہیں، وہ زیادہ Effective ہیں، یعنی ہمیں لوگ Approach کرتے ہیں، Drug addicts کے لئے ہمیں Parents approach کرتے ہیں کہ ہمارے بچوں کو داخل کرائیں، ہمیں دوست فاؤنڈیشن کو فون کرنا پڑتے ہیں، یعنی ہمارے اپنے حکومتی نظام کے اندر کوئی Effective system نہیں ہے، اس لئے حکومت اس پر بھی سوچے کہ آپ یہ کام پرائیویٹ سیکٹرز کو کیوں چھوڑ رہے ہیں؟ ٹھیک ہے پرائیویٹ سیکٹر بھی اپنا Role ادا کرے، وہ بھی بڑا اچھا کام کر رہے ہیں لیکن حکومت کو اس پر باقاعدہ طور پر کام کرنا چاہیئے، اس کی بحالی کے لئے مراکز Establish کرنے چاہیئے۔ پانچویں بات میں یہ کہنا چاہوں گا کہ اس حوالے سے کوئی Proper organized طریقے سے Awareness campaigns نہیں چلتی ہیں، کوئی Walk ہونی چاہیئے، Awareness campaign چلانی چاہیئے، آپ کے نصاب کے اندر، اس کے

Contents کے اندر کچھ ایسی چیزیں ہونی چاہیئے جو کہ بچوں کو ہم Educate کریں، میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کو اس پر غور کرنا چاہیئے، Overall اس مسئلے کو Collectively holistically لینا چاہیئے، یعنی یہ دس ویلر کے نام سے کوئی نشہ آیا ہے، کل کسی اور نام سے آئے گا، اصل Important یہ ہے کہ حکومت اس پورے مسئلے پر غور کرے۔ چھٹی تجویز میں دینا چاہوں گا کہ یہ جو ہمارے میڈیکل سٹورز ہیں، ان میڈیکل سٹورز کے اوپر بھی ایک Strict monitoring کا نظام Implement ہونا چاہیئے، یعنی جو Retailers ہیں، جو Whole sales ہیں، اس پر پوری نظر حکومت کی طرف سے ہونی چاہیئے، پورا ایک سسٹم اس کے لئے ہونا چاہیئے، یہ مسئلہ جو ہے یہ کسی ایک دوائی کا مواد نہیں ہے، یہ ایک Pattern ہے، ہمارے بچے اور نوجوان اس میں مبتلا ہوتے جارہے ہیں، بڑا Important issue ہے، میں نہیں سمجھتا کہ باقی کتنے ممبران اس پر بات کرینگے، اس پر بات بھی کرنی چاہیئے، حکومت کو اس پر Steps بھی لینے چاہیئے، میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> تھینک یو۔ محترمہ حمیرا خاتون صاحبہ۔

<u>محترمہ حمیرا خاتون:</u> شکریہ جناب سپیکر صاحب، میں سمجھتی ہوں کہ بڑا اہم ایشو ہے، میرے خیال میں گورنمنٹ کے لئے یہ بہت زیادہ Serious اور اہم ایشو اس لحاظ سے ہے، اس سے وابسطہ یا اس سے متاثر جو افراد ہیں وہ سارے Youth پر Depend کرتے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ ہم اس کو صرف اس تناظر میں نہ دیکھیں کہ Youth صرف مرد یا ہمارے بچے اس سے Affect ہورہے ہیں، بلکہ بچیاں اور خواتین بھی اسی طرح سے Affect ہورہی ہیں، جس طرح ہمارے مردوں یا بچوں کے حوالے سے بات ہے، لہذا میں یہ سمجھتی ہوں کہ حکومت کے پاس بدقسمتی سے جو پروگرام ہے، اس میں بجائے اس کے کہ وہ اس دوسری سائیڈ پر یا دوسرے Angle پر زیادہ Working کریں، اس کی بجائے ان نشئی لوگوں کو یا ان Addicted لوگوں کو پکڑنے والا معاملہ وہ زیادہ ہم دیکھتے ہیں کہ گورنمنٹ کے پاس جیسے عنایت اللہ صاحب نے کہا کہ ان کے پاس کوئی خاطر خواہ انتظامات بھی نہیں ہیں۔ ایک تجویز یہ ہے کہ اگر ہم ہیلتھ انصاف کارڈ کے اندر ان کو بھی Cover کرلیں، یہ بھی ایک تجویز ہے، اگر منسٹر صاحب اور گورنمنٹ اس پر سوچیں کہ ان کو ہیلتھ کارڈ کے اندر Cover کریں، اس کا جو پرائیویٹ سیکٹر میں جو علاج ہورہا ہے وہ ماہانہ پینتیس سے چالیس ہزار روپے ایک مریض کا خرچہ ہورہا ہے، میرے خیال میں یہ جو مسائل ہیں، یہ

بہت زیادہ غربت کی لکیر سے نیچے جو لوگ ہیں، اکثریت ان کے ہاں بھی ہے اور Upper class میں بھی ہے لیکن یہ بھی ایک سہولت ہو سکتی ہے۔ دوسرا یہ ہے کہ ہمارے صوبے میں بد قسمتی سے جو Drug production کرنے والے لوگ ہیں، ان کے لئے ہمارے سسٹم کے اندر کوئی خاطر خواہ قانون سازی نہیں ہے اور جو سسٹم کے اندر نہیں ہے، اس سے جو لوگ وہ پیدا کر وا رہے ہیں، جو لوگ اس کو بنا رہے ہیں، جو لوگ پہنچا رہے ہیں، جو لوگ پھیلا رہے ہیں لوگوں کے اندر، ان کے لئے اس طرح سے قانون سازی نہیں ہو رہی ہے، اس قانون کی پکڑ میں وہ آئیں، ان کے خلاف سخت سے سخت کارروائی ہو۔ تیسری بات یہ ہے کہ بد قسمتی سے ہمارا تعلیمی نظام وہ اس وقت بہت زیادہ Disturbance کا شکار ہے، اس کا اندازہ آپ آج انجینئرنگ ETEA test کے Turnout سے لگائیں کہ اس وقت آج جو انجینئرنگ ETEA test کا جو Turnout result آیا ہے وہ Seventy percent گرا ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ ہماری Youth تعلیم کی طرف نہیں جا رہی۔ دوسری طرف گورنمنٹ بد قسمتی سے اپنے تین سال یہ موجودہ اور پانچ سال پچھلے سپورٹس کے میدان میں کوئی خاطر خواہ کام Youth کے لئے نہیں کر سکی، لہذا ہمارے پاس اچھے Grounds نہیں ہیں، ہمارے پاس بچوں کے لئے غیر نصابی سرگرمیاں نہ ہونے کی وجہ بھی وہ نوجوان نسل اس طرف جاتا ہے، بد قسمتی سے ایک یہ بھی ہے کہ روزگار کا نعرہ لگانے والی یہ حکومت روزانہ بے روزگاری میں اضافہ کر رہی ہے، لہذا ایک بے روزگار نوجوان وہ Automatically مایوسی کی طرف جاتا ہے، جب نوجوان مایوسی کی طرف جاتا ہے تو اس معاشرے کے اندر بے پناہ مسائل کھڑے ہوتے ہیں، جس میں ایک بڑا مسئلہ نشے کی طرف جانا ہے، ان کو اس نشے میں رہ کر قرار اور سکون ملتا ہے۔ دوسری ایک اہم وجہ یہ بھی ہے کہ ہمارے ویب سائٹ کے اوپر کسی قسم کی کوئی پابندی نہیں ہے، یعنی آپ دیکھیں کہ ہندوستان، کوریا جیسے ممالک نے اپنے ویب سائٹ کے اوپر فحش ویب سائٹ پر انہوں نے باقاعدہ پابندیاں لگائی ہوئی ہیں، لہذا اس قسم کی چیزیں جو ہیں اس سے بڑھوتری ہو رہی ہے، لہذا اس انصاف کی حکومت سے میری یہ درخواست ہے کہ وہ میرے خیال میں کم از کم نوجوانوں کے ساتھ انصاف کریں، اس کو Serious لیں۔ شکریہ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> تھینک یو۔ جناب صلاح الدین صاحب۔

<u>Mr. Salahuddin:</u> Thank you, Mr. Speaker. Taking advantage of this opportunity, I would request you, for just a couple of minutes, to

discuss or touch a couple of important issues of very pivotal importance of public interest on August-----

جناب ڈپٹی سپیکر: صلاح الدین صاحب، ایک چیز پر ابھی ڈسکشن جاری ہے، اس پر بات کریں۔

Mr. Salahuddin: Okay Sir, just-----

جناب ڈپٹی سپیکر: دیکھیں، Disturbance نہیں پھیلانی، جس چیز پر آپ نے بات کرنی ہے، جس پر آپ نے ٹائم مانگا ہے، اس پر آپ بات کریں، ابھی ایڈ جرنمنٹ موشن پر آپ نے ٹائم مانگا ہے، آپ اس پر بات کریں۔

جناب صلاح الدین: جناب سپیکر صاحب، دس ویلر باندې خبره روانه ده، دا یو Drug دے ، نوے Drugراوتے دے او څنګه چې عنایت الله خان اووئیل، دا د دې څه Formula name نه دے ، دلته مقامی او د دې د نامې نه چې څنګه ظاهره ده چې دا دلته مقامی طور باندې جوړ شوے دے ، تیار یو Chemicalدے د ځلورو Chemical unification او د هغې یو ځائې کول چې ورکښې کوکین دی، Ephedrine دی او د هغې نه جوړیږی، د هغې دومره مضر اثرات دی چې دا Injectable form کښې هم ملاویږی او Smoking د پاره هم او دا نورې نشې لکه څنګه چې آئس دی، په آئس باندې زما ملګرو د اپوزیشن بیل بیل وخت کښې موشنز هم رواستی دی، په کال اټنشن باندې هم په هغې باندې ئے خبرې کړی دی او د حکومت توجه ئے هم دې موضوع طرف ته راګرځولې ده خو بیا هم هغسې خاطر خواه ترقی ورکښې نه ده شوې، دا داسې مستحکم ګامونه د حکومت د طرف نه دیکښې نه دې اغستی شوی، دا یو څو د ګفتار غازیان منسټران، هغوی هم دغه خبره کوی، پولیس ئے رااونیسی، د پولیس ایس ایچ او نوم واخلی، دا پولیس ډیپارټمنټ Blame کړی، په هغې باندې کافی نه ده، د عوامو د مال و جان حفاظت کول دا د حکومت ذمه داری ده، In general صرف یو ډیپارټمنټ که هغه پولیس دے که هغه ایکسائز دے ، ګو چې د دې د پاره ډیره ذمه داری ده خو یواځې هغه نه ده، دا د حکومت ذمه داری ده چې هغې ته ډیره توجه ورکړے شی، داسې ایشوز او دا نوی Drugsچې کوم راوتی دی، دا په یو ورځ کښې انسان ختموی او دا رپورټ کړے شوی دی خو که مونږه منسټر صاحب نه پښتنه

اوکړو نو کیدې شی چې هغوی دا نامه هم نه وی اوریدلې، په میډیا باندې په سوشل میډیا باندې په Googleباندې هم دا موجود ده خو په دې باندې د حکومت د طرف نه هیڅ قانون سازی لا نشته، Regularize کیدو د پاره مونږه قانون سازی اوکړو، دا دوئ راایسار کړی، په دې باندې قانون سازی نه ده شوې، نو زمونږه ګورنمنټ ته هم خواست دے چې دې ته لږ اټینشن ورکړی۔ لکه څنګه چې هیروئن smoker addict خلق دی، څنګه چې دې حکومت نظر انداز کړی دی، مخکښې هم نظر انداز شوی دی خو اوس هم دا ګورنمنټ Responsible دے، حکومت وقت که نه وی لیدلی نو زه دې منسټرانو صاحبانو ته وایم چې راځئ زه ئے درته ښایم، په سونو، په زرګونو نن هم په فټ پاتونو باندې ناست وی، هغه هم د دې خاورې بچی دی، د دې علاقې خلق دی، Ignore کوئ ئے مه، او د هغوی علاج پکار دے، دا ایشو Tackle کول پکار دی۔ د غسې دا اوس Drugچې دے د دې د نامې نه ظاهره ده، کوم رپورټس چې مونږه په میډیا باندې وئیلی دی نو په هغې کښې وائی چې دا د پختونخوا نه اسلام آباد ته ځی او پښتانه د سمګلنګ حوالې سره ټهیک دی که غلط دی خو ډیر بدنام شوی دی، زمونږه دې موجوده حکومت ته خواست هم دے او د هغوی توجه هم دې خبرې طرف ته راګرځوؤ چې په دې باندې دوئ Ignore کوئ مه او دیکښې چې کوم خلق Use کوی، هغه زمونږه Youth دے، هغه سټوډنټس دی، هغه یونیورسټی سټوډنټس دی، هغه د میډیکل کالج سټوډنټس دی، دا د قوم او د ملک مستقبل دے نو د قوم او د ملک مستقبل سره لوبې مه کوئ، هغوی ته توجه ورکړئ، هغې د پاره قانون سازی اوکړئ، چې څه نقصان شوے دے، د دې هم ازاله دې اوشی او راروان ټائم کښې چې نور نقصان اونه شی۔ ډیره ډیره مننه، جناب سپیکر صاحب، که وخت دې راکړے وے نو یو منټ کښې به ما خبره Windup کړې وه۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جناب کنڈی صاحب۔

<u>جناب احمد کنڈی</u>: شکریہ جناب سپیکر صاحب، بڑا اہم موضوع اسمبلی میں عنایت اللہ صاحب نے Take up کیا ہے، میں ان کا مشکور ہوں کیونکہ اکثر ان باتوں پر ہماری توجہ نہیں رہتی، ہماری Youth جو ہے،

ہمارے معاشرے کا ایک Back bone ہے، اس سے وہ Affect ہو رہی ہے، میں لمبی چوڑی تفصیل میں نہیں جانا چاہتا اور نہ ہی Repetition کرنا چاہتا ہوں، صرف دو تین تجاویز ہیں، غالباً شوکت صاحب میرے خیال میں اس پر Reply کرینگے۔ میری دو تین تجاویز ہیں، اگر یہ بہتر سمجھتے ہیں تو وہ ان کو Consider کریں۔ سب سے پہلے ہمارے بدقسمتی کے ساتھ کوئی بھی والدین نہیں چاہتا کہ میرے بیٹے یا میری بیٹی وہ Drug addict ہو لیکن جب وہ Post drug scenario ہے، جب وہ اس چیز کی Addiction میں چلا جاتا ہے تو ان کو دوبارہ Normal life میں لانے کے لئے ہمارے پاس Mechanism نہیں ہے، جو لوگ Drug addict ہو جاتے ہیں، ان کو Normal life میں لانے کے لئے Mechanism نہیں ہے، پھر ان کے ساتھ کیا ہوتا ہے؟ پرائیویٹ سیکٹر میں جو لوگ ہیں انہوں نے مختلف دکانیں کھولی ہوئی ہیں، میں آپ کو باقاعدہ Proof دے سکتا ہوں، پشاور اور خیبر پختونخوا میں بہت سارے ایسے پرائیویٹ سیکٹرز کھولے گئے ہیں جن میں Drug addict لوگوں کو Treat کیا جاتا ہے جس کو Rehab کے نام سے پکارا جاتا ہے، ان کی Rehabilitation ہوتی ہے لیکن ان کے اوپر کوئی Regular authority نہیں ہے، میری گورنمنٹ سے یہ تجویز ہے، Drug Regulatory Authority کو یہاں پر Implement کرے، اس کے نیچے Rules بنائے تاکہ جتنے بھی یہ پرائیویٹ سیکٹرز کھولے ہوئے ہیں تاکہ ان کو ہم Regulate کر سکیں اور ایک Official mechanism اس کے نیچے ان مریضوں کی Treatment ہو سکے۔ دوسری بات میری یہ ہے، جتنے بھی ہمارے یہاں پر گورنمنٹ کی ایجنسیز ہیں، جو Drugs کو Protect کرتی ہیں، جن کی یہ ڈیوٹی ہے کہ وہ اس Drug کو اس معاشرے میں روکیں گی۔ جناب سپیکر، میں آپ کی صرف اس لئے توجہ چاہتا ہوں کہ ابھی Recently ایک صوبے میں جتنی بھی ایجنسیز ہیں، چاہے وہ پولیس ہے، چاہے وہ ایکسائز چاہے، Anti Narcotics Force ان کی اپنی Force ہے، سب سے پہلے ان کے ٹیسٹ کئے گئے ہیں کہ آیا جو لوگ اس چیز کی روک تھام کے ذمہ دار ہیں، آیا وہ خود اس چیز میں Involve تو نہیں ہیں؟ جو لوگ خود Involve ہونگے اس چیز میں، جو خود Alcohol addicted ہوگا، جو خود Ice addicted ہوگا تو وہ اس معاشرے میں کیا روک سکتا ہے؟ میری گورنمنٹ کو دوسری تجویز یہ ہے کہ خدارا، جتنی بھی Forces ہیں جن کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس چیز کو Protect کریں، ان کے باقاعدہ ٹیسٹ ہو، آج کل سائنس اور ٹیکنالوجی کا دور

ہے، ہمارے پاس مختلف ایسے Available tests ہیں جن کے ذریعے بڑی آسانی کے ساتھ ہم ان کو Analyze کر سکتے ہیں، ان لوگوں کو اس Procedure سے دور رکھا جائے تاکہ ہمارے معاشرے میں جس تیزی کے ساتھ یہ Drug پھیل رہا ہے، ہم اپنی Youth کو بچا سکیں، ہم اپنی Youth کو Protect کر سکیں۔ میری یہ دو Main تجاویز ہیں، ایک، دوبارہ میں وہی کہونگا، Drugs Regulatory Authority کا قیام کیا جائے، اس کے نیچے فی الفور، آپ کی بھی ذمہ داری ہے، فی الفور Rules بنائے جائیں تاکہ جتنے بھی یہ Rehab centers ہیں ان کو باقاعدہ ایک Official mechanism کے نیچے لایا جائے۔ دوسری بات جتنی بھی Forces اس کو Protect کرنے کی ذمہ دار ہیں، ان کے باقاعدہ ٹیسٹ کرائے جائیں تاکہ وہ خود اس چیز میں Involve نہیں ہیں۔ شکریہ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> شگفتہ ملک صاحبہ، آپ اس پر بات کرنا چاہ رہی ہیں؟

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u>جناب سپیکر!۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> اس کے بعد، شگفتہ ملک صاحبہ کے بعد، نگہت اورکزئی، آپ اس کے اوپر پھر بات کریں گی۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u>سر، میں اس کے بعد بات کرونگی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u>ٹھیک ہے۔ جی شگفتہ ملک صاحبہ۔

<u>محترمہ شگفتہ ملک:</u> ډیره مننه، جناب سپیکر صاحب۔ زما په خیال ډیره اهم نکته چې کومه رااوچته شوې ده، په موجوده حالاتو کښې که تاسو اوګورئ نو Overall که مونږه د دې خپلې صوبې خبره کوؤ یا مونږ د ټول ملک خبره کوؤ نو په دې حالاتو کښې چې کوم د Drug حوالې سره خبره کیږي، دا ډیره د بدقسمتئ سره او ډیر د مایوسئ خبره دا ده چې د حکومت د طرف نه هیڅ قسم پام نشته دے، د حکومت د طرف نه هیڅ قسم Seriousness مونږه او نه کتلو ځکه چې دا Drugیواځې دلته ډسکس شو، تاسو اوګورئ جی، د آئس چې کومه نشه وه او په دیکښې دا ایکسائز ډیپارټمنټ شوکت صاحب دلته ناست دے، په دې باندې یو قانون هم راغلے وو، یو بل هم مخې ته راغلے وو خو بدقسمتی دا ده چې قانون جوړ شی خو هغه عملی کیدو د پاره بیا هم بار بار په اسمبلئ کښې دا خبره کیږي

چې دا قانون چې دے دا ولې نه عملی کیږی؟ څومره چې نشې دی، مونږه به د دې خپل پیښور خبره اوکړو، د روزانه په بنیاد تاسو اوګورئ چې زمونږه هغه ځوانان چې هغه سټوډنټان دی، زمونږه هغه ځوانان چې هغه زمونږ Youth دی، دا زمونږه روخانه مستقبل دے خو هغه دومره بدقسمتی به زه اووایم چې یو طرف ته زمونږه په دې ملک کښې چې کوم حالات روان دی، بل طرف ته زمونږه په دې ملک کښې دا نشې چې کومه وباء ده، په دیکښې ځوانان چې دی دا ډیر زیات Involve دی او بیا د آئس دا نشه چې ده دا په یونیورسټو کښې تاسو اوګورئ چې سټوډنټس چې دی، هغوی ته په کومه طریقه باندې ځی، په کومه طریقه باندې دا خلق چې دی، دا سپورټ کیږی او بیا مونږ دا هم ګورو چې د پولیس ډیپارټمنټ حوالې سره خبره اوشوه، په دیکښې سوشل ویلفیئر ډیپارټمنټ مونږ رااوغښتلو نو هغوی وائی چې که دا قسمه خلق وی، هغه بیا زمونږه اختیار نه وی، بیا مونږ که پولیس سره خبره اوکړو، هغه بیا وائی چې دا د ایکسائز، دلته کښې عنایت صاحب ډیر صحیح خبره اوکړه چې د دې یو ډیپارټمنټ نه دے، که ته د یو ډیپارټمنټ نه تپوس اوکړې نو هغه بل ډیپارټمنټ Blame کوی، که ته د بل ډیپارټمنټ نه تپوس اوکړې نو هغه بل ډیپارټمنټ Blame کوی، زما دا خواست دے چې دا ډیره زیاته Seriousمسئله ده او په دې مسئله باندې که حکومت Seriousنه وی، تاسو اوګورئ چې زمونږ دا ځوانان چې کوم دی، لکه زه په دې نه پوهیږم چې دا حکومت د روزانه په بنیاد په دې لارو کوڅو کښې ګورئ، زه په یونیورسټی ټاؤن کښې اوسیږم، زما د کور مخې ته او زه صرف تاسو د سړو، ځوانانو خبره نه کوم، زنانه چې دی، هغه په روډونو ناستې دی، ما پخپله په یونیورسټی ټاؤن کښې کتلی دی چې زنانه ښځې او سړی ناست وی او دوئ نشه کوی، اوس زه نه پوهیږم چې دا ملک چې دے، په دیکښې څه قانون شته، د دې ملک څه آئین شته یا هغه ډیپارټمنټس چې کوم دی، د دوئ دومره څوک نشته چې دا په لارو کوڅو کښې زما په خیال د یونیورسټی ټاؤن نه زیات ایډوانس ایریا به نه وی، په هغې کښې تاته په لارو کوڅو کښې زنانه درې درې ګهنټې په یو لار کښې ناستې وی او هغه اوپن ناستې وی، د هسپتالونو مخې ته

ناست وی، نشې کوی خو دا ډیره بدقسمتی ده، دا زما په خیال زمونږه د خلقو، زه وایم چې دا زمونږه بدقسمتی په دې ده چې زمونږه حکومت ولې په دې طرف پام نه کوی، ایکسائز ډیپارټمنټ چې دے، هغوی چې کوم د آئس خبره کړې وه، اوسه پورې چې څومره خلق نیولی شوی دی، هغه خلق ولې نه ښکاره کیږی؟ مونږ دا ګورو چې د پولیس په اخبار کښې بیان راشی چې دومره د نشې مواد مونږ اونیول، دا مونږ ضائع کړه، اوس دا پته نه لګی چې دا خلق څوک وو، دا کوم خلق دی؟ دا دومره طاقتور دی چې دا اوسه پورې د دوئ خلاف کارروائی او په دیکښې هغه خلق Involve دی، په دیکښې چې د ایکسائز ډیپارټمنټ کوم قانون رواړے وو، په هغې کښې مونږ دوئ ته دا خبره اوکړه چې کوم خلق دا نشې رااوړی او دا په یونیورسټو کښې په کالجونو کښې خلقو ته رسوی، د هغوی خلاف سخت نه سخت کارروائی پکار ده خو اوسه پورې دا شے مخې ته نه دے راغلے۔ زه بیا دا خواست کوم چې که اوس هم مونږه د هغه ځوانانو د پاره د هغه نشو، د هغه Drugs مخ نیوے ئے او نکړو نو زما په خیال زمونږه هغه ځوانان چې دی، یو طرف ته د روزګار مسئله ده، یو طرف ته د تعلیم مسئله ده، یو طرف ته د ترهګرئ مسئله ده او بل طرف ته زمونږه دا ځوانان چې دی، دا په داسې طریقو چې دے، زمونږه دا مستقبل چې دے، دا په داسې طریقه، او تاسو اوګورئ په دیکښې ځوانان چې کوم دی، د خودکشئ رجحان ډیر زیات دے، په دیکښې داسې ځوانان دی چې د درویشت کالو د پینځویشت کالو ځوانان چې دی، هغوی ته Heart attack کیږی، په دې نشو کښې چې کوم مواد استعمالیږی۔ د خوراک خبره اوشوه، په دیکښې عام چې کوم د خوراک څیزونه دی، په هغې کښې دا نشې استعمالیږی، ګزارش مو دا دے چې تاسو مهربانی اوکړئ، که تاسو سخت نه سخت ګامونه وانغستل، په دېکښې ستاسو د ټولو په اسمبلئ کښې ناست بچی دی، ستاسو ورونړه دی، کور کښې ماشومان دی، کوشش دا اوکړئ چې دا ایشو تاسو Feel کوئ چې دا زمونږه ایشو ده، دا ځوانان زمونږه ځوانان دی، مهربانی اوکړئ او په دې باندې ستاسو د طرف نه

هم ډیر سخت Ruling د حکومت د طرف نه زما په خیال چې ثومره زیات کیدے شی چې د دې مخ نیوے او کړی۔ ډیره مننه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ محترمہ نگہت اورکزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: شکریہ، جناب سپیکر صاحب، اس پر بہت زیادہ لمبی چوڑی بحث ہو چکی ہے، اگر آپ کو یاد ہو، میں نے کچھ دن پہلے آپ کو چھوٹی چھوٹی ٹافیوں کے کچھ پیکٹس بھجوائے تھے، آپ نے کہا تھا کہ We will work on it، وہ چھوٹی چھوٹی ٹافیاں جو ہیں، آپ، شگفتہ بی بی اور یہاں پر بیٹھے ہوئے تمام لوگوں نے یہ بات کی کہ جوان لوگ، جوان عورتیں، طالبعلم آج کل وہ ٹافیاں مختلف شکلوں میں ہیں، نیلی پیلی، نیلی گلابی اور سفید پیکٹ باقاعدہ ان کو بڑا خوبصورت بناکر سکولوں کے سامنے بچوں کو اس کا عادی کیا جاتا ہے، بچے جب اس کے عادی ہو جاتے ہیں تو پھر اس کے بعد آئس اور پھر اس کے بعد اور دیگر نشے سامنے آتے ہیں، ہمارے زیادہ تر جو ہے۔ جناب سپیکر صاحب! مجھے افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ اس ہاؤس میں میرا خیال ہے، دوسری یا تیسری بار ہے کہ ہم Drugs پر بات کر رہے ہیں، مجھے یہ بھی اچھی طرح یاد ہے کہ جب Drugs پر بات ہوئی تھی، ہم لوگوں نے، خواتین نے ادھر سے کیونکہ ہم مائیں ہیں، ہمیں اس چیز کا زیادہ احساس ہے کیونکہ ہم گھر میں بچوں کے ساتھ زیادہ Attach ہوتے ہیں، ہم نہیں چاہتے کہ خدانخواستہ کوئی بھی ماں نہیں چاہتی کہ اس کا بچہ جو ہے وہ Drug addict ہو، اب اس Chair سے مجھے اتنی امید ہے، شوکت یوسفزئی صاحب کو یہ Task دیا گیا تھا کہ اس پر ایک سپیشل کمیٹی بنائیں، شوکت صاحب میری بات کو یقینی طور پر Support کرینگے لیکن وہ کمیٹی ابھی سال دو سال ہو گئے ہیں کہ وہ کمیٹی نہیں بنی، اگر وہ کمیٹی بن جاتی تو یقین کریں کہ آج ہم نے خیبر پختونخوا کو نہ پولیس پر چھوڑنا ہے، نہ ہم نے ایکسائز پر چھوڑنا ہے، نہ ہم نے کسی اور ڈیپارٹمنٹ پر چھوڑنا ہے، اس میں ہم نے اپنے ممبران کو جو یہاں پر لوگوں کی آوازیں ہیں، ہم یہاں پر لوگوں کی آواز بن کر آتے ہیں، ہم ان کے حقوق کیلئے آتے ہیں، مائیں، بچے ہمارے پاس آتی ہیں کہ ہمارے بچوں کو یہ کیا قانون بنے گا، یہ کیسے اس پر Implementation ہو گی؟ جناب سپیکر صاحب، میں سمجھتی ہوں کہ یہ جو چھوٹی ٹافیوں کا میں نے آپ کو WhatsApp کیا تھا، وہ خطرناک طریقے سے پھیل رہا ہے، اس خطرناک طریقے سے پھیلتے پھیلتے یہ پھر کالجز میں جاتا ہے، اس کے بعد یونیورسٹیوں میں جاتا ہے، اس کے بعد دوسرے نشے ہیں، جب بچہ ایک نشے کا عادی ہو جائے تو پھر اس کے بعد وہ اچھے سے اچھا نشہ تلاش کرنے کی کوشش کرتا ہے، جس میں

اس کو زیادہ سکون ملے، میں اس بات پر بھی Agree کرتی ہوں کہ آج جو لوگ ڈپریشن کا شکار ہے، ہماری youth ہے، آج وہ ڈپریشن کا شکار ہے، ہماری وہ خواتین جو بیروزگار ہیں، یہ جو سڑکوں پر بیٹھی ہوئی ہیں، میں نے خود دیکھا ہے، ہماری اسمبلی کے باہر جو پل بنا ہوا ہے، اس طرح حیات آباد میں جو پل بنا ہوا ہے، اس کے نیچے خود میں نے دیکھا ہے کہ کئی افراد رات کو سوئے ہوتے ہیں، انہوں نے جو پنی پر لگا کر وہ سونگھتے ہیں، اس طرح اس میں عورتیں بھی شامل ہیں، اس میں بچے بھی شامل ہیں۔ جناب سپیکر صاحب! میں سمجھتی ہوں کہ اگر آپ کی اجازت ہو، اگر آپ مجھے اجازت دیتے ہیں، میں آپ سے ریکویسٹ کرونگی کہ اگر آپ مجھے اجازت دیتے ہیں، شوکت یوسفزئی صاحب اگر اس سے Agree کرتے ہیں تو ایک کمیٹی جیسا کہ پہلے Chair سے Ruling آچکی تھی کہ اس پر کمیٹی بناتے ہیں لیکن پھر پتہ نہیں کہ کیا ہوا، وہ کمیٹی نہیں بن سکی، اس پر ہاؤس کی کمیٹی بنائیں، میں اس کا Rule آپ کو بتا دیتی ہوں کہ ابھی جو تحریک التواء نمبر 331 جو قاعدہ 73 کے تحت بحث ہوئی ہے، اس پر 144 قاعدہ کے تحت سپیشل کمیٹی تشکیل دی جائے تاکہ اس معاملے پر قانون سازی کیلئے راہ ہموار کی جائے، معاشرے سے نت نئے جو نشے ہیں، جان لیوا جو نشہ ہے، اس کی روک تھام ہو سکے، یہ بہت ضروری ہے۔ میں یہاں پر وزیر قانون صاحب سے بھی ریکویسٹ کرونگی کہ میں نے جو موشن پیش کی ہے، وہ اس چیز کی حمایت کریں، میں نے شوکت یوسفزئی صاحب کو بھی اعتماد میں لیا ہے، میں سمجھتی ہوں کہ یہ کار ثواب اگر آپ کر لیں کیونکہ میرے بچے بھی ہیں، جوان بھی ہیں، میری بیٹی بھی ہے، جو Law پڑھتی ہے، اس طرح آپ کے بھی بچے ہیں، یہاں پر بیٹھے ہوئے بہت سے لوگوں کے بچے یونیورسٹیوں میں جاتے ہیں، کالجز میں جاتے ہیں، سکولوں میں جاتے ہیں، اگر آپ اس قاعدے کے تحت ایک کمیٹی بنا دیں، اس کی Announcement کر دیں، بیشک آپ جس کو بھی اس میں ڈالنا چاہیں، ہمیں اس میں کوئی اعتراض نہیں ہے، سارے ممبر زادھر ہی سے ڈال دیں، ہمارا کام اس نشے کو روکنا ہے، اس لعنت کو روکنا ہمارا کام ہے، ان لوگوں تک پہنچنا جو کہ یہ جان لیوا مرض ہے، یہ جان لیوا نشہ دے کر ہمارے لوگوں کو گمراہ کر رہے ہیں، ہمارے لوگوں کو ڈپریشن کا شکار بنا رہے ہیں، ہمارے لوگوں کو وہ موت کے منہ میں دھکیل رہے ہیں، ہمارے جوان جو ہیں وہ قتل کر رہے ہیں، ہم ان قاتلوں تک پہنچنا چاہتے ہیں، یہ تب ہی ہو سکتا ہے کہ جب ایک بندہ Sincere ہو گا کیونکہ میں نہیں سمجھتی ہوں کہ پولیس ڈیپارٹمنٹ جو ہے، میں پولیس کی بہت عزت کرتا ہوں، ان کی خدمات کا مجھے

Regard ہے کیونکہ انہوں نے شہادتیں دی ہوئی ہیں، انہوں نے بالکل فرنٹ لائن پر جنگ لڑی ہوئی ہے لیکن بات یہ ہے کہ جہاں پر کچھ مچھلیاں ہیں، وہ تالاب کو گندہ کرتی ہیں، اس طرح ایکسائز ڈیپارٹمنٹ میں جو تلف شدہ اشیاء ہوتی ہیں وہ کہاں جاتی ہیں، کس کے سامنے جلائی جاتی ہیں؟ ہمیں تو پتہ نہیں چلتا، چاہیئے تو یہ کہ آپ ڈپٹی سپیکر ہیں، دوسرا ہمارا سپیکر صاحب ہیں، منسٹرز صاحبان ہیں، ان کو بلایا جائے، ان کے سامنے وہ چیزیں تلف کی جائیں تا کہ پتہ چلے کہ On the spot جو چیزیں تلف ہو رہی ہیں وہ کہیں دوبارہ نہیں بک رہی، اس کو نقلی تلف کر کے اور کوئی اصلی چیز وہ دوبارہ سٹوروں میں نہیں جا رہی ہے؟ جناب سپیکر صاحب! جو میں نے موشن پیش کی ہے، آپ کی بہت مہربانی ہوگی، میں آپ سے ریکویسٹ کرونگی کہ اس میں ہمارے لاء منسٹر سے بھی Opinion لے لیں، شوکت یوسفزئی صاحب سے بھی لے لیں تا کہ اس پر کمیٹی بن سکے۔ یہاں پر آپ بے شک اپنی ٹریژری بنچز کی خواتین کو اس میں زیادہ سے زیادہ Include کریں تا کہ پتہ لگے کہ قاتل کون ہے، درندے کون ہیں؟ تا کہ ان قاتلوں کو ان درندوں کو Identify کر کے ان کو پھانسی کی سزا دی جائے۔ تھینک یو۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: میڈم، آپ نے کمیٹی کی بات کی لیکن Khyber Pakhtunkhwa Narcotics Substances Control Act ہمارا موجود ہے، اس میں جو باتیں ہیں وہ ہم دیکھ لیتے ہیں کہ جو سیکشنز ہیں، اگر وہ اس کو Cover کرتی ہیں تو ٹھیک ہے، اگر یہ چیزیں Cover نہیں ہوتیں تو میں گورنمنٹ سے ریکویسٹ کرونگا، آپ کو بھی ان کے ساتھ بیٹھ کر اس میں ہم امنڈمنٹ لائیں۔ اس کے علاوہ جس طرح منسٹر صاحب چاہیں تو اس کو کمیٹی کے لئے بھی کہنا چاہتے ہیں، مجھے کوئی اعتراض نہیں لیکن میں نے تو اپنی رائے دے دی، ہمارا ایکٹ موجود ہے، اس میں آپ دیکھیں، اگر یہ چیزیں Cover ہوتی ہیں تو ٹھیک ہے، Well and good، Cover نہیں کرتی تو پھر اس کے بعد۔

<u>وزیر محنت وافرادی قوت</u>: جناب سپیکر!۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: ایک منٹ جی، ابھی یہ دو تین بندے اور بھی ہیں، آپ بات کر لیں پھر آپ آخر میں Respond کریں۔ جی، میاں نثار گل صاحب۔

<u>میاں نثار گل</u>: شکریہ جناب سپیکر۔ بہت اہم مسئلہ عنایت اللہ صاحب نے اٹھایا ہے، آج میں نے اور ملک ظفر اعظم صاحب نے اس کے متعلق اسمبلی میں تحریک التواء بھی جمع کی ہے، ان شاء اللہ اس پر آئندہ بھی

بات ہو گی لیکن میں نے مناسب سمجھا کہ جو موقع ہے، اس پر دو تین باتیں کر لوں، آپ کا بھی شکریہ۔

جناب سپیکر! اگر آپ تیس اور چالیس سال پیچھے چلے جائیں تو جو آدمی چرس پیتا تھا وہ اپنے علاقے میں بدنام آدمی مشہور ہوتا کہ یہ آدمی چرسی ہے، چرس پی رہا ہے لیکن آج آپ دیکھ لیں، سارا ایوان اور آپ کے علاقے میں بھی، ہمارے علاقے میں بھی، پشاور میں بھی آئس اور چرس لوگ پیتے ہیں، دس ویلر آج کل کھلے عام استعمال ہو رہا ہے، آج صبح میں آ رہا تھا، میں آپ کو ایک واقعہ یاد دلاؤں کہ میرے علاقے کے تقریباً چالیس پچاس لوگ مجھے فون کر رہے تھے کہ ہم ایس پی کے ساتھ ملاقات کرنا چاہتے ہیں، اس لئے کہ کچھ نشئی لوگ رات کو راستے میں بیٹھتے ہوتے ہیں اور وہ ڈکیتیاں کرتے ہیں، ایک تو ہمارے نوجوان ہیں وہ تباہ ہو رہے ہیں، پشاور میں تو کوئی کلاشنکوف نہیں پھرا سکتا لیکن ہم جس علاقے کے لوگ ہیں، آپ یقین کریں کہ آئس نشہ جو آیا ہوا ہے، اس کے علاوہ اور نشے بھی ہیں جو نوجوان نسل کو خراب کیا ہوا ہے، ایک تو اس کے وسائل نہیں ہوتے، بے روزگاری ہوتی ہے، ہمارے علاقے میں بجلی بھی نہیں ہوتی، رات کو چھتوں پر وہ چڑھتے ہیں، سولر وغیرہ چوری کرتے ہیں، ان کو بازاروں میں فروخت کرتے ہیں، اپنے لئے نشہ خریدتے ہیں، جب ہماری یہ حالت ہو تو جو بھی کوئی چھت پر چڑھ گیا، اکا دکا واقعات ایسے بھی ہوئے ہیں کہ لوگوں نے ان پر فائرنگ بھی کی ہے، آپ یقین کریں کہ ایسے نوجوان بھی آئس والے ہمیں نظر آ رہے ہیں کہ ہمارے پہاڑی علاقے ہیں، جدھر بھیڑ بکریاں چر رہی ہوں، وہ موٹر سائیکل رکوا کر بکری کے بچے کو اغواء کر لیتے ہیں، چوری کر لیتے ہیں اور پھر کسی جگہ فروخت کر کے اپنی لئے نشہ خریدتے ہیں۔ جناب سپیکر! ہمیں سوچنا ہو گا کہ چالیس سال پہلے ہم چرسی کے ساتھ جو کوئی ہاتھ ملاتا، بیٹھتا تو ہم کہتے تھے کہ یہ اچھی عادت نہیں ہے، آپ کی بھی Ruling مجھے یاد ہے کہ آپ نے نسوار پر بھی Ruling دی تھی کہ یہ بھی نشہ ہے، آپ ہی نے یہ Ruling دی تھی ورنہ یہ تو عام سی چیز ہے، بنوں میں جگہ جگہ پر اس کے کارخانے ہیں، میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آج اگر ہماری پولیس چاہتی، ایکسائز والے چاہتے، میرے خیال میں کوئی بھی ایسا بندہ نہیں ہے کہ اس کو معلوم نہیں ہو گا، آپ کو بھی پتہ ہے، مجھے بھی پتہ ہے کہ تھانوں میں چرس کے پیکٹ پڑے ہوتے ہیں، ایس ایچ او کے کمروں میں پڑے ہوتے ہیں، اگر ہزار گرام پکڑ لیا تو وہ ریمانڈ کے لئے چار ہزار گرام اس کے پیچھے لکھ لیتے ہیں، یہ چرس یہ آئس کدھر سے آ رہے ہیں، یہ یہی لوگ پکڑتے ہیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Short کریں جی۔

میاں نثار گل: نہیں سر، کھل کر بات کرینگے، انہوں نے تو کہہ دیا کہ ہماری اچھی پولیس ہے، بالکل ہمارے لئے قابل احترام ہے، اچھی پولیس ہے لیکن جب ہم دیکھتے ہیں کہ ہماری نوجوان نسل، ہمارا معاشرہ ایکسائز کی وجہ سے اور پولیس کی وجہ سے ہمارے بچے، ہمارے جوان چوری کر رہے ہیں، ڈکیتیاں کر رہے ہیں اور وہ ان کو Support کر رہے ہیں، اگر پولیس چاہے، گورنمنٹ چاہے، میرے خیال میں کوئی بھی غلط کام نہیں کر سکتا، ایسے لوگوں کے بڑے ہاتھ ہوتے ہیں، ان کے بٹوے بھرے ہوتے ہیں، ان علاقوں میں، ان تھانوں میں پھر پیسے پہنچتے ہیں، ماہواری ہوتی ہیں، برائے مہربانی شوکت صاحب، ادھر باتیں کر رہے ہیں، اچھی بات ہے کہ وہ ہمیں جواب بھی دینگے لیکن ہماری نوجوان نسل تباہ ہو رہی ہے، اس پر ہمیں سوچنا ہوگا کیونکہ اس سے ڈکیتیاں بڑھ رہی ہیں، دشمنیاں بڑھ رہی ہیں، بچے نشہ کر رہے ہیں، ساتھ ساتھ خودکشیاں بھی ہو رہی ہیں۔۔۔۔۔

Mr. Deputy Speaker: Thank you.

میاں نثار گل: ہمیں یہ سوچنا ہوگا کہ ہمارا معاشرہ کس طرح سدھر سکتا ہے، ہمیں اس پر سوچنا ہوگا کہ ہم اپنے بچوں کو اچھی تعلیم دلوائیں، اپنے بچوں کو اچھا مستقبل دیں، نہ کہ ان کو ہم آئس، چوری اور وڈکیتیوں میں مبتلا کریں، ان کے ساتھ وسائل نہیں ہوتے، پھر وہ راستے میں ڈکیتیاں کرتے ہیں، چوریاں کرتے ہیں، اپنے لئے اس نشے کو پیدا کرنے کے لئے، میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا، اللہ آپ کو خوش رکھے، آپ کا غصہ بھی کم ہو، تھینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ جناب اختیار ولی خان صاحب۔

جناب اختیار ولی: بِسۡمِ ٱللهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ بہت شکریہ، جناب سپیکر۔ بات دس ویلر سے شروع ہوئی تھی، میں یہ تحریک التواء جو عنایت بھائی نے جمع کرائی ہے، آئس، دس ویلر، Ephedrine یہ ساری چیزیں میں آپ کو کیا بتاؤں، جس ملک میں وزیراعظم صاحب بھنگ کی کاشت کی اجازت دے دیتے ہیں، وہاں پر آج یہ دس ویلر آیا ہے، اس کے بعد پتہ نہیں بیس ویلر آئے گا، اس کے بعد پھر پتہ نہیں کوئی میزائل آئے گا، اس کے بعد پھر کوئی سکڈ بنے گا، اس کے بعد کوئی ہیلی کاپٹر کا نشہ آئے گا، کوئی Jet بنے گا، کوئی ایف 16 بنے گا۔ جناب سپیکر، سیاستدان اور لیڈر اس قوم کے رول ماڈل ہوتے ہیں، سیاستدان اس قوم کے رول ماڈل ہوتے ہیں، ان کو دیکھ دیکھ کر یہ نوجوان نسل جو ہوتی ہے، یہ اپنے آپ کو اس طرح بنانے کی کوشش

کرتے ہیں، ان کو کاپی کرتے ہیں، ان کو Follow کرتے ہیں، جب حکومتیں بھنگوں کی کاشت کی اجازت دینگی، جب حکومت کی سرپرستی میں چرس بننے کی فیکٹریاں لگیں گی تو آپ کیا سمجھتے ہیں اس قوم کا اور ہمارے معاشرے کا کیا مستقبل ہے، یہ نوجوان کہاں پہنچیں گے؟ میں تو سمجھتا ہوں کہ ابھی یہ چیزیں یونیورسٹیز اور کالجز تک ہیں، یہ بڑے نیچے لیول تک آ جائینگی، ہماری قوم کے نوجوان وہ امید لگا کر بیٹھے ہیں، یہ تبدیلی سرکار یہ نیا پاکستان بنائیں گے، یہ ہمارے یہاں پر دوست اور ساتھی وزیر صاحبان بیٹھے ہوئے ہیں، یہ کوئی نیا انقلاب لیکر آئیں گے۔ جناب سپیکر، وزراء صاحبان سارا دن اپنے دفتروں میں بیٹھ کر اور اسمبلی میں بیٹھ کر PUBG کھیلتے ہیں، رات کو گھر جاتے ہیں، عمران ہاشمی کی فلمیں دیکھتے ہیں، ایسے حالات میں قوم کا نوجوان کس طرف جائے گا؟ سب سے پہلے ان کو اپنا رویہ Change کرنا ہوگا، یہاں پر بات کوئی بھی ہوتی ہے، یہاں پر شوکت یوسفزئی صاحب بیٹھے ہیں، آج کل پتہ نہیں کونسی وزارت ہے لیکن ان کے رویئے سے معلوم ہوتا ہے، یہ آج کل وزیر جوابات لگے ہوئے ہیں، جواب میں ہم ان سے کچھ سوال کریں گے، ابھی آپ دیکھ لیں، میں نے سوال کچھ اور کیا، میں نے تبصرہ کچھ اور کیا، یہ بولیں گے کہ نواز شریف ملک سے باہر چلا گیا، یہ بات وہاں پر لیکر آئیں گے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اختیار ولی صاحب، ایک منٹ، کافی Important issue پر بات ہو رہی ہے۔

جناب اختیار ولی: آ تا ہوں، اسی پر آ رہا ہوں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ اس سے Divert نہ کریں، آپ اس پر سیاست نہ کریں، جو ایشو ہے اس پر بات کریں۔

جناب اختیار ولی: Sir, this is relevant، آتا ہوں، اسی پر آتا ہوں، برائے مہربانی Precisely وہ جواب دیا کریں، جس کا اس ایشو کے ساتھ اور اس ٹاپک کے ساتھ کوئی تعلق ہو، اس کے ساتھ اس کا کوئی جڑاؤ ہو، ہر سوال کا جواب یہ نہیں ہوتا کہ نواز شریف ملک سے باہر ہے، ابھی انہوں نے کہا۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دیکھیں اختیار ولی صاحب، آپ دیکھیں کہ جو Important issue ہے، آپ پھر سیاست کر رہے ہیں، میں آپ کو پھر ٹائم نہیں دوں گا۔

جناب اختیار ولی: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے، میں اب اس پر آتا ہوں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میر کلام صاحب۔

جناب اختیار ولی: جناب سپیکر صاحب،آپ نے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دیکھیں،اگر آپ سیاست اس پر کریں گے،یہ ایک ایسا ایشو ہے جس پر ہمیں سیاست نہیں کرنی چاہیئے،یہ ہمارے Futureاور ہمارے مستقبل کی بات ہے،ہماری Young generation کی بات ہے،آپ اس کو اپنے Politics کے لئے Divert کر رہے ہیں،اگر آپ اس پر بات کرنا چاہتے ہیں تو یہ غلط ہے۔ میر کلام صاحب۔

جناب میر کلام خان: تهینک یو جناب سپیکر صاحب، ستا ډیره مننه. ډیره اهم ایشو ده چې د یونیورسټیانو نه کوم شے زمونږ په دې صوبه کښې شروع کیږی، مطلب دا دے چې زمونږ یونیورسټیانې هغه ځایونه دی چې په دې کروړونو آبادئ کښې هلته په زرګونو خلق تلی دی، نو ډیر په تفصیل خبره اوشوه، که زه خبره کوم، دا به Repetition وی په دې باندې ځکه په هر پهلو ئے خبره اوشوه خو زما به صرف یو ریکویسټ وی، نګهت بی بی چې کومه خبره اوکړه، د دې د پاره دې سپیشل کمیټې جوړه کړی، اپوزیشن ممبران دې پکښې هم وی، فیمیل دې پکښې هم وی، د ګورنمنټ چې پکښې کوم کسان وی جناب سپیکر صاحب، په دې حواله سره زمونږ قانون ډیر لیټ دے، دا شے ډیر په تیزۍ سره روان دے، یو دس ویلر نه، زه دا وایم چې که دا حالات روان وی، بالکل د میزائلو د جهاز نشه به هم راأوځی ځکه چې پوزیشن دا سې لګیا دے، پکار دا ده چې بالکل Strict ruling ورکړی، په دې باندې یو سپیشل کمیټی جوړه شی، بالکل د یونیورسټیانو وزټ هم اوکړی او د دې وجوهات هم معلوم کړی، هغه کسان هم معلوم کړی او د دې حل هم معلوم کړی۔ مهربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شوکت یوسفزئی صاحب۔

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وافرادی قوت) بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ بہت شکریہ، جناب سپیکر۔ یہ جتنے بھی ممبران نے گفتگو کی ہے، میں نے ان کے Notes بھی لیے ہیں، میاں صاحب نے کہا کہ یہ جواب نہیں دیں گے، میں آپ کو جواب دے رہا ہوں۔ جناب سپیکر، یہ دس ویلر بالکل نئی Drug ہے،ابھی تک اس کی جو کمپوزیشن ہے وہ بھی اس حد تک Confirm ہے کہ دو تین چیزیں جو بار بار کہی جارہی ہیں کہ یہ چیز اس میں شامل ہوئی ہے لیکن ابھی تک اس کا پوری طرح علم نہیں ہے، یہ صحت کے

لئے بہت مضر ہے، بالکل میں ان کے ساتھ Agree کرتا ہوں، یہ اس کے اندر Highly toxic drug ہے، سب سے زیادہ تشویشناک بات جو ہے وہ یہ ہے کہ یہ جو دل کا دورہ پڑتا ہے، Kidney failure ہوتا ہے، Liver damages ہوتے ہیں جناب سپیکر، اس دوائی سے ثابت ہوا ہے، یہاں تک کہ جو Teenager بچے ہیں، نوجوان ہیں، ان کے دل کے دورے اور اس طرح جو ہائی بلڈ پریشر اس دس ویلر کی وجوہات بنتی جا رہی ہیں، یہ دو تین چیزیں میں اب اس پر نہیں جانا چاہتا، اختیار ولی صاحب کی اپنی مرضی ہے، وہ ماحول کو خراب کرتے ہیں یا ٹھیک کرتے ہیں، یہ اس پر میں نہیں جانا چاہوں گا لیکن میں اس پر آتا ہوں کہ یہ چیز کہاں سے آتی؟ جناب سپیکر، یہ ایران سے سمگل ہوتی ہے، افغانستان، بلوچستان اور یہ ڈرموں کے اندر آتی ہے، یہ سیرپ جو شربت کی صورت میں Inject able اور اس طرح جو مختلف Lubricating oil وغیرہ اس صورت میں یہ یہاں آ جاتی ہے۔ اس کے علاوہ جو غیر مصدقہ رپورٹس جو بتائی جاتی ہیں کہ ضلع خیبر میں بھی یہ تیار ہوتی ہے، یہ غیر مصدقہ ہے لیکن بہر حال جو رپورٹس آ رہی ہیں، اور یہ بھی کہ انہوں نے قانون سازی کی بات بھی کی کہ جس کے لئے کوئی قانون نہیں ہے، آپ کو یاد ہو گا کہ ہمارا ایک Narcotics Substances Control Act، 2019 ایک ایکٹ جو ہے وہ ہوا ہے، اس میں تقریباً Eighty seven dangerous drugs شامل ہیں، اس میں یہ بات طے بھی ہوئی تھی کہ آئندہ کوئی بھی نئی Drug آئے تو اس کے لئے قانون سازی کی ضرورت نہیں، وہ Automatically اس میں شامل ہو گی، یہ چیز جو ہے یہ میں بتانا چاہتا تھا۔ باقی اس کا Way forward بالکل جو ہمارا ادارہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ یا دوسرے جو Drugs کے خلاف جو کارروائیاں کر رہے ہیں، مختلف جگہوں سے اب Samples اٹھا رہے ہیں، ان پر باقاعدہ جو Intelligence based action ہو رہا ہے، بہت سارے لوگوں کے خلاف ایکشن بھی لیا گیا ہے۔ یہ میں ابھی بتاؤں کہ Already ہمارے پاس Legal جو Strongly legal framework موجود ہے، یہ جو KPK Psychotropic Substances Act ہے اس میں ہمارے پاس یہ Legal framework ہے، ہم ان کے خلاف ایکشن لیں گے، جو لوگ Drugs کی تیاری کرتے ہیں، جو سمگل کرتے ہیں، جو اس کو بیچتے ہیں، ان سب کے خلاف اس کے تحت کارروائی ہو سکتی ہے۔ نگہت بی بی میرے خیال میں چلی گئیں، یہ اکثر اسی طرح کرتی ہیں، اپنی بات کر کے چلی جاتی ہیں، بہر حال شگفتہ ہے، قانون سازی کی بات کی، اگر یہ قرار داد لانا چاہتی ہیں،

نئی کوئی قانون سازی کرنا چاہتی ہیں یا اس میں Add کرنا چاہتی ہیں، حکومت اس کے لئے تیار ہے، ہم کسی صورت میں اپنے بچوں کو Drug traffickers کے حوالے نہیں کرنا چاہتے، نہ ہی اس چیز کو ہم Support کرتے ہیں، اس کے خلاف سخت سے سخت ایکشن لیا جا رہا ہے۔ جناب سپیکر، بالکل یہ دونوں Options میں لینا چاہتا ہوں، قرار داد کی صورت میں آنا چاہتے ہیں یا جو قانون سازی Already موجود ہے، اس کے اندر اس کو شامل کرنا چاہتے ہیں تو دونوں میں معمولی سی امنڈمنٹ کے بعد یہ چیز ہم کر سکتے ہیں، کمیٹی بالکل بنائیں، ہمیں کوئی اس پر اعتراض نہیں ہے۔ دوسرا جناب سپیکر، یہ بڑی افسوسناک بات ہے کہ جب اسمبلی کے اندر اتنا Important issue ڈسکس ہو رہا ہے، اس میں پھر سیاسی طور پر مداخلت نہیں کرنی چاہیئے کیونکہ وہ سارا جو ایشو ہوتا ہے وہ Divert ہو جاتا ہے۔ اب یہ کہا گیا کہ یہاں پر سیاسی Scoring ہوتی ہے، مجھے نہیں خیال کہ اس میں ہم سیاسی Scoring کیا کریں گے؟ یہ تو بچوں کے مستقبل کا معاملہ ہے، میرے خیال سے ہر ایک کے بچے ہیں، حکومت والوں کے بھی بچے ہیں، اپوزیشن والوں کے بھی بچے ہیں، کون چاہے گا کہ اپنے بچوں کو اس طرح کی چیزوں کے حوالے کریں؟ میرے خیال سے جب ہم سپیچ کرتے ہیں، اختیار ولی صاحب نے Ephedrine کی بات کی، اب Ephedrine آپ کو پتہ ہے کہ پی ایم ایل این کی ایجاد ہے، وہ عباسی صاحب ابھی تک اس کیس میں پھنسا ہوا ہے، وہ کون ہے؟ Ephedrine کو کون Support کر رہا ہے، Ephedrine کس نے لایا ہے؟ سب کو پتہ ہے کہ کیس کس کے خلاف چل رہا ہے، پھر یہ کہہ رہے ہیں کہ جی بات کچھ اور ہوتی ہے، یہ جواب کچھ اور دیتا ہے۔ جناب سپیکر، آپ اسمبلی میں بتائیں گے کہ چور کون ہے؟ میں نہیں بتاؤں گا کہ چور نواز شریف ہے، میں کس کا نام لوں؟ میں ضرور بتاؤں گا کہ چور کون ہے، آپ نہ پوچھیں میں جواب نہیں دوں گا۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: دیکھیں شوکت صاحب، وہ آپ کو بتانے کی ضرورت نہیں ہے کہ چور کون ہے، وہ پوری قوم کو معلوم ہے، آپ کو Explanation دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

(تالیاں)

<u>وزیر محنت وافرادی قوت</u>: میں اس لئے کہہ رہا ہوں کہ ماحول خراب نہیں کرنا چاہیئے۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: ایک چیز واضح ہے، سب کو پتہ ہے، اس کے اوپر پھر بات نہیں کرنی چاہیئے۔

وزیر محنت وافرادی قوت: میں صرف اتنا عرض کرتا ہوں کہ ماحول خراب نہیں کرنا چاہیئے، جب آپ بار بار اپنے لیڈروں کو اس طرح بتائیں گے، آپ ان پر پردے ڈالیں، ہم بھی پردہ ڈالنا چاہتے ہیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اس ایشو پر دیکھیں شوکت صاحب، شوکت، دیکھیں، Khyber Pakhtunkhwa, Control of Narcotics Substances Act, 2019 پہلے سے موجود ہے، اگر اس میں دس ویلر Cover نہیں ہوتا تو گورنمنٹ امنڈمنٹ بل اسمبلی میں پیش کرے تاکہ اس پر Proper قانون سازی ہو سکے لیکن اگر Generally دیکھیں، اس میں ہر قسم کی Drugs covered ہیں، اس کو وہ حاصل ہے لیکن اگر گورنمنٹ چاہتی ہے، اس پر کمیٹی پہلے بھی بن چکی تھی، کمیٹی کی Recommendations سے یہ بل یہ ایکٹ پاس ہوا ہے۔

وزیر محنت وافرادی قوت: سر، مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے، بالکل جو میں نے بتایا ہے کہ جو۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، کمیٹی پر ٹائم لگے گا، اس کمیٹی پر گورنمنٹ سنجیدہ ہے، جس طرح میڈم نے کہا کہ دس ویلر اور اس کو آپ کوئی نام دینا چاہیں تو فوراً اس پر ایک امنڈمنٹ ڈیپارٹمنٹ اور گورنمنٹ لے کے آئے، ہم اسمبلی سے پاس کر لیتے ہیں۔

وزیر محنت وافرادی قوت: مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے، کوئی بھی لا سکتا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، پھر آپ کو اعتراض نہیں ہے، آپ اور لاء ڈیپارٹمنٹ گورنمنٹ کو انسٹرکشنز دیں، ڈیپارٹمنٹ کو انسٹرکشنز دیں کہ اس پر قانون سازی تیار کرے، ایکسائز ڈیپارٹمنٹ کو آپ وہ کریں۔

وزیر محنت وافرادی قوت: سر، ویسے جو Narcotics Substances Act, 2019 ہے نا، اس کے اندر ہم سب نے یہ اتفاق کیا تھا کہ نئی نئی Drugs نئے نئے ناموں سے آ رہی ہیں، اگر یہ جو Eighty seven dangerous اس میں شامل ہیں، یہ فیصلہ ہوا تھا کہ آئندہ کوئی بھی نئی Drug آئے گی تو وہ Automatically اس کے اندر شامل ہو گی، اس کے لئے ترمیم کی ضرورت بھی نہیں ہو گی، وہ Automatically اس کے اندر آ گئی ہے، میں تو صرف یہ کہہ رہا تھا کہ جو سمگلنگ کا ذریعہ بن رہی ہے، کہاں سے آ رہی ہے وہ چیز، ہم نے مؤثر کرنا ہے، اس کے خلاف اور سب سے Important چیز جو ہے وہ ہے Awareness، گورنمنٹ چاہتی ہے کہ Awareness create کرے، اپنے بچوں کے اندر، سکولوں کے اندر، ایجوکیشن اداروں کے اندر تاکہ وہ اس سے دور رہیں، اگر ہم یہ بتائیں کہ دس ویلر کے

استعمال سے کیا کیا نقصانات ہوتے ہیں جناب سپیکر، سب سے پہلے میں یہ گزارش کروں گا کہ اس Campaign میں آپ ہمارا ساتھ دیں، ہم اس کو Launch کرنا چاہتے ہیں، باقی مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، آپ کو اعتراض نہیں ہے لیکن شوکت یوسفزئی آپ نارکاٹیکس، ایکسائز منسٹری کو ڈائریکشنز دیں کہ جو چیزیں اس میں Covered نہیں ہیں، اس میں امنڈمنٹ لے کر آئیں، میڈم نگہت اورکزئی صاحبہ کے ساتھ آپ بیٹھیں، وہ جو چیزیں Propose کرنا چاہ رہی ہیں، آئندہ کے لئے اس میں اگر کوئی نئی Drug جس طرح ہمارے باقی ایم پی ایز نے بات کی کہ اس بعد جہاد میزائل اور ایسی Drugs شاید آ جائیں، اس میں آپ سب ایسی قانون سازی کریں کہ آنے والی تمام Drugs جو مضر صحت ہوں، Youth کو نقصان ہو، سب اس میں Covered ہوں، آپ اس پر Proper وہ کریں۔

وزیر محنت وافرادی قوت: جناب سپیکر، میں بالکل ڈیپارٹمنٹ کو انسٹرکشنز دیتا ہوں کہ اس پر کام کرے، اس کے لئے امنڈمنٹ لے کر آئے، دس ویلر اس کے اندر شامل کریں، ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے، یہ اچھی بات ہے۔ (قہقہہ) عنایت صاحب، میرے خیال سے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ ہنسنے کی بات نہیں ہے، یہ کافی غور و فکر کی بات ہے، اس میں ہنسنے کی بات نہیں ہے، اس لئے کہ ہماری Future generation کی بات ہے، ہمیں سب مل کر سنجیدہ ہو کر کام کرنا ہے۔

(تالیاں)

وزیر محنت وافرادی قوت: سر، میں بالکل انسٹرکشنز دیتا ہوں کہ اس پر کام کریں اور Next جو بھی ترمیم ہو، اس میں لے کر آئیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم نگہت اورکزئی، اس میں جو بھی ترمیم ہو وہ لے کر آئیں، حمیرا خاتون بھی آنریبل ممبر ہیں، آپ بھی اس میں ترمیم لے کر آئیں۔

وزیر محنت وافرادی قوت: ٹھیک ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب صلاح الدین صاحب۔

Mr. Salahuddin: Thank you, Mr. Speaker Sir, on August 14th during the Independence Day celebration, two or three incidents happened and later on, the videos were viral everywhere on social media. When I watched those videos, I myself was put to extreme shame

because as a result of those videos incidents of Tran's misbehavior happened to girls and then later on feminists, campaigning for their cause, they called all men that they are involved in it and I don't blame them. Actually those girls, they were daughters, they were sisters, they were mothers and they were wives and can anyone imagine, let's talk, let's say for example me, if that would have happened to my sister, to my daughter, to my mom, what agony and what state of mind, I would have been through, so not only I condemn those incidents in the strongest terms but I send God damnation on those involved and me and, I think, all of us here will be supporting the feminist campaigners because we do not want that this would happen again to any ones` sister, to any ones` daughter, to any ones` mom and Mr. Speaker Sir, we need to make our laws, I believe there are laws talking issues like this but we need to make our laws harsher and stronger, so that these incidents would not happen in future and would not happen in Pakhunkhwa as well. Thank you very much.

Mr. Deputy Speaker: The sitting is adjourned till 2:00 pm, afternoon tomorrow.

---

(اجلاس بروز منگل مورخہ 24 اگست 2021ء بعداز دوپہر دو بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)